لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
http://www
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہر نامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

روزنامہ
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
شہر نامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | جمعتہ المبارک 30 اکتوبر 2026ء 19 جمادی الاول 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 55

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

پاک چین دوستی ہسپتال کا افتتاح

عوام کو بہتر علاج کی فراہمی ترجیح ہے، وزیر اعظم

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ علاقائی سلامتی اور مشترکہ دفاع کا عکاس ہے، پاکستان اور ترکیہ دو جان ایک قالب ہیں، وزیر اعظم شہباز شریف

دونوں ملکوں کے تعلقات قدیمی، آج دفاعی ٹیکنالوجیز اور دیگر شعبوں میں قائدانہ کردار ادا کر رہا ہے، ترک یوم جمہوریہ پر تقریب سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ علاقائی سلامتی اور مشترکہ دفاع کا عکاس ہے، گزشتہ برس معرکہ حق کے دوران جب پاکستان کے خلاف جارحیت کی گئی تو ترکیہ پاکستان کے ساتھ آن کھڑا ہوا اور کھل کر پاکستان کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد، وزیر اعظم، نائب وزیر اعظم اور ترک سفیر ترکیہ کے یوم جمہوریہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

لاہور اور کراچی ایئرپورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری

وزیر اعظم کی توسیعی منصوبوں میں معیار پر سمجھوتہ نہ کرنے اور انہیں بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ہدایت

ایئرپورٹس پر سفری سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے بین الاقوامی شہرت یافتہ اداروں کی خدمات لی جائیں، اجلاس میں گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم نے ایئرپورٹس پر بین الاقوامی معیار کو مدنظر رکھ کر سہولیات مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے لاہور اور کراچی ایئرپورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری دے دی۔ وزیر اعظم نے توسیعی منصوبوں کو معینہ مدت میں مکمل کرنے جبکہ توسیعی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے اور انہیں بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے توسیعی منصوبوں اور مسافروں کی سفری سہولیات کو بہترین بنانے کے لیے اصلاحات کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف ایئرپورٹس کی بہتری بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پارلیمان کو غیر فعال رکھنے کے خواہشمندوں کا مقصد پورا ہو چکا، بلاول بھٹو

قائد حزب اختلاف واقعی ہی سنجیدہ ہیں تو ان سے درخواست ہے عمران خان نے جو اختیار ان کو دلوایا ہے اس کو استعمال کریں

دفاعی معاہدوں اور دہشتگردی والے ایشو پر بریف کیا جائے، چیئرمین پیپلز پارٹی کا قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اگر قائد حزب اختلاف واقعی ہی سنجیدہ ہیں تو ان سے درخواست ہے کہ عمران خان نے جو اختیار ان کو دلوایا ہے اس کو استعمال کریں۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کل کے اتحادی آج کے حریف، پارلیمنٹ میں الزامات کا دنگل

مولانا کی حکومت سے ٹکر

ریاست مخالف بیانات سے فضل الرحمان کی عزت نہیں رہی، اب آپ کو ریاست میں نوکری نہیں ملے گی، محسن نقوی: مولانا خود بھی کچھ شرم کریں، خواجہ آصف کا جواب

کل خواجہ آصف ہاتھ جوڑ رہے تھے، لگتا ہے جواب دینے کی ہدایت آئی، عالیہ کامران: سینیٹ اجلاس میں سینیٹر عابد شیر علی اور کامران مرتضیٰ میں تلخ جملوں کا تبادلہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ میں مولانا فضل الرحمان کی بہت عزت کرتا تھا، ریاست مخالف باتیں کرنے کے بعد میرے دل میں ان کی کوئی عزت نہیں رہی، اب آپ کو ریاست میں نوکری نہیں ملے گی۔ سینیٹ اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پچھلے کچھ عرصے سے میرے خلاف مہم چل رہی رہی، کہا گیا کہ ہم ایران کوئی دفاعی معاہدہ کرنے گئے تھے، ہم دفاعی معاہدہ کرنے نہیں موجودہ بحران کے سلسلے میں گئے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیر دفاع سے سوال کیا گیا ان کے علم میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

لیوی بھتہ نامنظور، حکمران اپنی مراعات کم کریں، لیاقت بلوچ

حکومت نے دس روز تک عوام کو ریلیف نہ دیا تو لانگ مارچ ہوگا، قائمقام امیر جماعت



لاہور (نمائندہ شہرنامہ) قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے اس امر کا اعادہ کیا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے مقررہ دس روز کی طلب کی گئی مدت تک پٹرولیم لیوی پر عوام کو ریلیف نہ دیا تو نومبر کے وسط میں ملتان سے اسلام آباد کی جانب قافلے رواں ہو جائیں گے۔ لیوی بھتہ سراسر ناجائز اور غریبوں پر ظلم ہے، حکمران قوم کا خون نچوڑنے کی بجائے اپنی مراعات کم کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں پٹرولیم لیوی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

سینیٹ: لائف انشورنس (نیشنلائزیشن) آرڈر 1972ء میں ترمیم کا بل منظور

وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے بل کی منظوری کے لیے تحریک پیش کی

اسلام آباد (اے پی پی): ایوان بالا نے لائف انشورنس (نیشنلائزیشن) آرڈر 1972 میں مزید ترمیم سے متعلق بل 2026 منظور کر لیا۔ جمعرات کو سینیٹ کے اجلاس میں وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے وزیر تجارت جام کمال خان کی جانب سے تحریک پیش کی کہ قومی اسمبلی سے منظور کردہ لائف انشورنس (نیشنلائزیشن) (ترمیمی) بل 2026 کو فوری طور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

امت کو بچانے کیلئے علماء مشترکہ لائحہ عمل مرتب کریں، حافظ نعیم الرحمن

فلسطین و کشمیر کے تنازعات پر قرآن وسنت کی روشنی واضح پالیسی کی ضرورت ہے

مسلم اقلیتوں کے لیے عالمی پلیٹ فارم قائم کیا جائے، استنبول میں کانفرنس سے خطاب

استنبول (نمائندہ شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ امتِ مسلمہ کو اندرونی اختلافات، فرقہ واریت، انتہاپسندی، عدم برداشت اور تکفیری نظریات سے محفوظ رکھنے کے لیے دنیا بھر کے علماء کرام کو اپنا مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا۔ اسلامی ممالک کے درمیان کشیدگی اور تنازعات کا خاتمہ، مکالمے، باہمی تعاون اور مشترکہ مفادات کے تحفظ سے ہی ممکن ہے۔ صیہونیت امتِ مسلمہ کے اختلافات سے فائدہ اٹھا کر مسلمانوں کو ایک دوسرے کے خلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

بیریئر ہٹانے اور کارِ سرکار میں مداخلت کا کیس: ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کو 10،10 سال قید

عدالت کی جانب سے کیس میں اسٹیٹ کونسل مقرر کیا گیا تھا، کونسل عاطف محمود کی جانب سے گواہان پر جرح کی گئی

جرمانہ بھی عائد کیا گیا، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے اڈیالہ جیل میں فیصلہ سنایا

راولپنڈی (صباح نیوز) بیریئر ہٹانے اور کار سرکار میں مداخلت کے کیس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو 10،10 سال قید کی سزا سنادی گئی۔ راولپنڈی کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے اڈیالہ جیل میں فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے 3 مختلف دفعات کے تحت سزا کا حکم دیا ہے، ایمان مزاری اور ہادی علی پر جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔ ایمان مزاری اور ہادی علی پر 7 اکتوبر کو فردِ جرم عائد کی گئی تھی۔ عدالت کی جانب سے کیس میں اسٹیٹ کونسل مقرر کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

پاک چین میں تجارت کیلئے گرین چینل فعال کرنے کے معاہدے پر دستخط کیے جا رہے ہیں

پاک چین کا تجارت کیلئے گرین چینل فعال کرنیکا معاہدہ

ایف بی آر ہیڈ کوارٹرز میں کسٹمز حکام نے معاہدے پر دستخط کر دیے

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان اور چین کے درمیان زرعی مصنوعات کیلئے گرین چینل فعال کرنے کے معاہدے پر دستخط ہو گئے۔ ایف بی آر ہیڈکوارٹرز میں پاکستان اور چین کی کسٹمز انتظامیہ کے درمیان دستخط کی تقریب ہوئی۔ اس سلسلے میں پاکستان کسٹمز کا کہنا ہے کہ معاہدے کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان زرعی مصنوعات کی تجارت کو سہل بنانا ہے۔ بیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

چشمہ شوگر ملز ٹو کے اغوا 11 ملازمین بازیاب

ڈیرہ غازی خان (بیورو رپورٹ) چشمہ شوگر ملز ٹو کے 21 اکتوبر کو اغوا کیے گئے 17 میں سے 11 ملازمین واپس پہنچ گئے، پانچ سیکیورٹی گارڈز تا حال بازیاب نہیں ہو سکے۔ ذرائع کے مطابق اغوا ملازمین کو نامعلوم مقام پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

مکہ اتحاد میں مزید ممالک شامل کیے جائیں، سردار مسعود

اسلام آباد (خبرنگار) آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر اور امریکہ، چین و اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ اجتماعی دفاع، علاقائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

توانائی، خوراک مہنگی ہونے کا خدشہ ہے، عالمی بینک

2026 کے دوران عالمی اجناس کی قیمتوں میں مجموعی طور پر 23 فیصد اضافے کا امکان

اسلام آباد (آئی این پی) مشرقِ وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث عالمی توانائی کی فراہمی متاثر ہونے اور خوراک سمیت مختلف اجناس کی قیمتوں میں اضافے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور سعودی سفیر میں سووینئرز کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

ایران نے امریکی ایم کیو ون ڈرون مار گرایا

ڈرون کو ساحلی علاقے سیریک کے سامنے نشانہ بنایا گیا، پاسدارانِ انقلاب

تہران (صباح نیوز) ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے آبنائے ہرمز کے مشرقی حصے میں امریکی ایم کیو ون (MQ-1) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

جنوبی پنجاب کی ترقی ہماری ترجیح ہے، یوسف رضا گیلانی

ملتان کی صدیوں پر محیط تاریخ، منفرد ثقافت اور تاریخی ورثے کو عالمی سطح پر متعارف کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے

پاکستان کی نوجوان آبادی ملک کا ایک بڑا اثاثہ ہے، چیئرمین سینیٹ: ملتان چیمبر کی نئی کابینہ کو مبارکباد پیش

ملتان (نمائندہ شہرنامہ) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ ملتان کی صدیوں پر محیط تاریخ، منفرد ثقافت اور تاریخی ورثے کو عالمی سطح پر متعارف کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وہ ملتان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی نئی کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کاروباری برادری سے خطاب کر رہے تھے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ وہ بین الاقوامی سفارت کاروں اور مختلف ممالک کے سربراہان سے ملاقاتوں کے دوران ملتان کی ثقافت اور تاریخی اہمیت کو اجاگر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

ریاست اور شہداء کے احترام کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے، رانا ثناء اللہ

ذاتی انا کو اجتماعی مفاد، ملک، قوم اور ریاست پر ترجیح نہیں دینی چاہیے

اسلام آباد (اے پی پی): وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ ریاست اور شہداء کے احترام کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے اور ذاتی انا کو اجتماعی مفاد، ملک، قوم اور ریاست پر ترجیح نہیں دینی چاہیے۔ جمعرات کو سینیٹ اجلاس میں سینیٹر کامران مرتضیٰ اور سینیٹر علی ظفر کی جانب سے اٹھائے گئے نکات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاست کو ماں کا درجہ دیا جاتا ہے، اس لیے اس کے بارے میں ایسے الفاظ استعمال کرنے سے گریز کرنا چاہیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

کیچ: سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، ایک دہشت گرد ہلاک

ہلاک دہشتگرد کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد، کلیئرنس آپریشن جاری

کیچ (صباح نیوز) سیکیورٹی فورسز کے ضلع کیچ کے علاقے مند میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے نتیجے میں ایک دہشت گرد ہلاک ہو گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، بولیدہ کے علاقے مند میں دہشت گردوں نے 2 خواتین کو اپنے ہمراہ لے جاتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

یمنی افواج کی کارروائیاں 239 حوثی جنگجو ہلاک

صنعا (صباح نیوز) یمنی حکومت کی مسلح افواج کا کہنا ہے کہ انہوں نے حوثیوں کے خلاف جاری آپریشن 'فجر الیمن' کے تحت گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران حوثی ملیشیا کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی ملتان چیمبر آف کامرس میں تقریب میں شریک ہیں

اشتہار نیلام عام

یہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار نیلام ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بروئے حکم مورخہ 26-10-2026

مصدرہ **عدالت عالیہ لاہور** ملتان بنچ

درج ذیل شیڈول کے مطابق کارروائی نیلام جائیداد مرہونہ عمل میں لائی جائے گی

زرڈگری مبلغ -/358,549,316 روپے (پینتیس کروڑ پچاسی لاکھ انچاس ہزار تین سو سولہ روپے)
معہ کاسٹ آف فنڈ و دیگر اخراجات نیلام وغیرہ وصول کئے جائیں گے۔

دعویٰ نمبر 02/11 — اجراء نمبر 07/17

اجراء بعنوان	تفصیل جائیداد	تاریخ نیلام
بینک الحبیب لمیٹڈ اولڈ بہاولپور روڈ، ملتان برانچ بذریعہ برانچ منیجر **بنام** 1۔ میسرز رفیع کاٹن انڈسٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، نزد پل رانگو خانیوال روڈ، تحصیل کبیروالہ ضلع خانیوال بذریعہ شیخ فضل الٰہی چیف ایگزیکٹو 2۔ شیخ فضل الٰہی ولد شیخ محمد رفیع قوم شیخ سکنہ فضل ہاؤس عقب فیصل بینک ہاؤس نمبر 1، خانیوال روڈ، ملتان 3۔ شیخ مقبول الٰہی متوفی بذریعہ وارثان بازگشت۔ (i) محمد عمر شیخ پسر شیخ مقبول الٰہی (ii) عثمان علی شیخ پسر شیخ مقبول الٰہی (iii) بلقیس فاطمہ (بیوہ) (iv) حنا مقبول (v) بشریٰ فاطمہ (vi) مریم مقبول (vii) طیبہ مقبول (viii) فریحہ مقبول (دختران شیخ مقبول الٰہی) ساکنان مکان نمبر 23/2، آفیسرز کالونی، ملتان۔	اراضی مرہونہ بمعہ تعمیرات فٹنگ (تنصیبات) فکسچر مکمل عمارت بمعہ مشینری جو وہاں نصب ہے/نصب کی جاتی ہے وغیرہ۔ کھیوٹ نمبر 17/17، کھتونی نمبر 70 تا 72 حصہ منتقلہ 1338/4142 ٹوٹل کھاتہ 207 کنال 07 مرلہ برقبہ 50 کنال 11 مرلے بمطابق ویلیوایشن رپورٹ 2026 واقع محال کوٹلہ سید کبیر، اڈا پل رانگو ملتان تا خانیوال روڈ نزد ملتان فیڈز تحصیل کبیروالہ ضلع خانیوال۔ ملکیتی میسرز رفیع کاٹن انڈسٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، محل وقوع ذیل میں ہے۔ شمال: زرعی زمین/چھوٹی نہر۔ جنوب: ملتان تا خانیوال روڈ۔ مشرق: زرعی زمین۔ مغرب: زرعی زمین۔	10 دسمبر 2026 بروز جمعرات بوقت 10:00 بجے دن برموقع جائیداد

نیلامی کی کارروائی کی شرائط وضوابط

1 یہ کہ نیلام عام برموقع (محلہ کوٹلہ سید کبیر، اڈہ پل رانگو ملتان تا خانیوال روڈ، نزد ملتان فیڈز تحصیل کبیروالہ ضلع خانیوال بنام میسرز رفیع کاٹن انڈسٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ بروز جمعرات مورخہ 10 دسمبر 2026 بوقت 10:00 بجے صبح منعقد ہوگی۔
2 یہ کہ نیلام عام جیسی اور جہاں کی بنیاد پر ہوگی۔
3 یہ کہ نیلام عام میں حصہ لینے والے کو نیلام کنندہ کو موقع پر اپنے اصل قومی شناختی کارڈ کی کاپی جمع کرانا ہوگی جو کہ نیلامی میں حصہ لینے کی شرائط پر پورا اترتا ہو۔
4 یہ کہ ہر بولی دہندہ نیلام عام میں حصہ لینے والے کو -/1,500,000 روپے (پندرہ لاکھ روپے) بطور زرضمانت نیلامی کنندہ کے پاس نقد یا پے آرڈر کی صورت میں جمع کرانا ہوگا۔ جو کہ معزز عدالت نیلامی کنندہ کے حق میں ہوگا۔ ناکام بولی دہندہ قرار پانے یا نیلام شدہ جائیداد خریدنے میں ناکام ہونے کی صورت میں زرضمانت واپس کر دیا جائے گا۔
5 یہ کہ بولی -/150,000,000 روپے (پندرہ کروڑ روپے) کی ریزرو پرائس مخصوص قیمت سے شروع ہوگی۔
6 یہ کہ سب سے زیادہ بولی دینے والا نیلام شدہ جائیداد کا حقدار ہوگا اور نیلامی اسی کے مطابق مکمل کی جائے گی۔
7 یہ کامیاب بولی دہندہ جائیداد مرہونہ کی مخصوص قیمت مبلغ -/150,000,000 روپے موقع پر ہی پے آرڈر یا بینک ڈرافٹ یا بینکرز چیک کی صورت میں نیلام کنندہ کو جمع کرائے گا۔
8 کامیاب بولی دہندہ باقی رقم یعنی (ریزرو پرائس) مخصوص قیمت سے زائد رقم عدالت میں نیلامی کی تاریخ سے پندرہ یوم کے اندر جمع کروائے گا بصورت دیگر جمع شدہ رقم ڈگری کی رقم کیلئے ضبط کر لی جائے گی یا جیسا معزز عدالت حکم دے گی مخصوص قیمت ریزرو پرائس کے برابر رقم جو شق نمبر 5 میں بیان کی گئی ہے ادا نہ کرنے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی طرف سے جمع کردہ زرضمانت اسی کے مطابق ضبط کر لیا جائے گا۔
9 یہ کہ حتمی منظوری اور سرٹیفکیٹ فروخت عدالت اجراء (Executing Court) جاری کرے گی۔ اور کامیاب بولی دہندہ منتقلی وغیرہ کے تمام اخراجات برداشت کرے گا۔
10 قبضہ فروخت کا سرٹیفکیٹ عدالت اجراء جاری کرے گی۔
11 یہ کہ بولی کی رقم کس طرح بڑھائی جاتی ہے اس کا تعین نیلام کنندہ المشتہر جو نیلامی کر رہا ہوگا وہ کرے گا۔
12 یہ کہ عدالت یا نیلام کنندہ افسر کی صوابدید پر سب سے زیادہ بولی کو مسترد/قبول کرے گا جبکہ پیش کردہ قیمت واضح طور پر ناکافی محسوس ہو تو بغیر کوئی وجہ بتائے کوئی بھی حصہ لینے والا بولی دہندہ نیلامی کی منسوخی پر سوال اٹھانے کا حقدار نہیں ہوگا۔
13 یہ کہ نیلامی کنندہ کو بغیر کوئی وجہ بتلائے نیلامی ملتوی کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اور کوئی بھی نیلامی میں حصہ لینے والا بولی دہندہ اس بابت اعتراض نہیں کرے گا۔
14 یہ کہ نیلامی کنندہ بغیر کوئی وجہ بتلائے شرائط تبدیل کرنے کا حق رکھتا ہے اور شرائط وضوابط میں کوئی بھی تبدیلی بولی دہندگان پر لازم ہوگی۔
15 نیلام عام، نیلامی کنندہ کی صوابدید پر ہوگی کہ وہ بغیر کوئی وجہ بتلائے نیلامی کی کارروائی ملتوی کر دے بشرطیکہ یہ آرڈر CPC-21 کی دفعات کے تابع ہوگی۔
16 یہ کہ جب کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے نمائندہ یا وکیل کے طور پر جائیداد مرہونہ پر بولی دینے کا ارادہ رکھتا ہو تو بولی دینے کے خواہشمند شخص کو اصل بولی دہندہ کی طرف سے وکیل نمائندہ کے حق میں دیا گیا اختیار نامہ پیش کرنا ہوگا جو اسے اپنی طرف سے بولی دینے کا اختیار تفویض کیا ہو اور وہ نیلامی کی تمام شرائط کو پورا کرے گا۔
17 یہ کہ نیلامی کے دوران بولی میں اضافہ نیلامی کنندہ کی صوابدید پر بولی دہندگان کو قبول کرنا ہوگا۔
18 یہ کہ مزید تفصیلات کیلئے دلچسپی رکھنے والا شخص عدالت یا نیلامی کنندہ سے رابطہ کر سکتا ہے دیگر شرائط موقع پر بتائیں جائیں گے۔

المشتہر۔ کورٹ آکشنر **میاں بابر سلیم** ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان
205 میٹرو پلازہ، قاسم روڈ، ملتان کینٹ۔ فون: 0300-7335979

امریکی جوہری تنصیب میں آگ لگ گئی، ہنگامی حالت نافذ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی ریاست جنوبی کیرولائنا میں واقع سوانا ریور سائٹ نامی اہم جوہری تنصیب میں لیبارٹری کے اندر آگ لگنے کے بعد ہنگامی حالت نافذ کر دی گئی۔ حکام کے مطابق آگ پر قابو پالیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

خاتون اول آصفہ بھٹو کی حنا جاوید کے اہل خانہ سے ملاقات

انصاف کے حصول کے لئے اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی

اسلام آباد (اے پی پی): خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے مرحومہ حنا جاوید کے اہل خانہ سے جمعرات کو یہاں پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی اور انہیں انصاف کے حصول کے لئے اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم "ایکس" پر اپنی پوسٹ میں کہا کہ حنا جاوید کی موت کی وجوہات جاننے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

سنگاپور کے وزیر خارجہ آج اسلام آباد پہنچیں گے

اسحاق ڈار اور بالاکرشنن کے مابین دو طرفہ مذاکرات ہوں گے

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ، سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی دعوت پر، سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن (آج) 30 اکتوبر 2026 کو اسلام آباد کا سرکاری دورہ کریں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق یہ دورہ اس لحاظ سے اہمیت کا حامل ہے کہ یہ پاکستان اور سنگاپور کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 60 ویں سالگرہ کے موقع پر ہو رہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

نیتن یاہو کے حریف گادی کا اسرائیل میں تبدیلی لانے کے عزم کا اعادہ

تل ابیب (آئی این پی) اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کے اہم حریف گادی آئزن کوٹ نے انتخابی نتائج کی گنتی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

پیٹرولیم ذخائر کافی، اضافی ایندھن بچت اقدامات کی ضرورت نہیں، علی پرویز ملک

ذخائر 22، ڈیزل کے 30 دن کی ضروریات پوری کرنے کیلئے کافی تھے، وفاقی وزیر کا قومی اسمبلی میں تحریری جواب

آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے 120.3 ارب روپے کے کلیمز میں سے 53.8 ارب ادا کر دیے گئے، وفاقی وزیر پیٹرولیم

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کے موجودہ ذخائر ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی ہیں، اس لیے فی الحال اضافی ایندھن بچت اقدامات کی ضرورت نہیں۔ پیٹرولیم مصنوعات کے ذخائر اور قیمتوں سے متعلق قومی اسمبلی میں جمع کرائے گئے تحریری جواب میں انہوں نے بتایا کہ درآمدات اور ملکی ریفائنریوں کی پیداوار کی مسلسل نگرانی کا نظام کام کر رہا ہے، جبکہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین عالمی منڈی میں سات کاروباری دنوں کی اوسط قیمت کے مطابق کیا جاتا ہے۔ تحریری جواب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی دورِ حکومت کی قانون سازی کا جائزہ لینے کا فیصلہ

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی دورِ حکومت کی قانون سازی کا جائزہ لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق صوبائی اسمبلی کے منظور کردہ 74 قوانین کا جائزہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد، وزیر اعظم کے مشیر ہارون اختر خان ایس آئی ایف سی کے وفد سے گفتگو کر رہے ہیں

بنگلہ دیش: عوامی لیگ کے رہنما محبوب العالم حنیف کو سزائے موت

ڈھاکہ (صباح نیوز) بنگلہ دیش کی کالعدم سیاسی جماعت عوامی لیگ کے جوائنٹ جنرل سیکریٹری محبوب العالم حنیف کو انسانیت کے خلاف جرائم کے مقدمے میں سزائے موت سنا دی گئی ہے۔ بین الاقوامی جرائم ٹریبونل۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

پی ٹی اے: غیر فعال سمز پر رجسٹرڈ واٹس ایپ اکاؤنٹس بلاک کرنیکا فیصلہ

فراڈ اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے اقدام کیا گیا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے غیر فعال اور منسوخ شدہ موبائل سمز سے منسلک واٹس ایپ اکاؤنٹس بلاک کرنا شروع کر دیئے۔ پی ٹی اے کے اعلامیہ کے مطابق غیر فعال سمز پر رجسٹرڈ واٹس ایپ اکاؤنٹس کے غلط استعمال کا خدشہ ہے، جس کے پیش نظر فراڈ اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے یہ اقدام کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

پنجاب میں انفلوئنزا فلو کی جعلی ویکسین کی سپلائی کا انکشاف

فلو ویکسین صرف لائسنس یافتہ فارمیسیوں سے خریدیں، الرٹ جاری

اسلام آباد (آئی این پی) فلو ویکسین لگوانے والوں کے لیے الرٹ جاری کر دیا گیا، جس میں کہا ہے کہ شہری ویکسین صرف لائسنس یافتہ فارمیسیوں سے خریدیں۔ تفصیل کے مطابق پنجاب کی مختلف مارکیٹوں میں انفلوئنزا فلو کی جعلی ویکسین کی سپلائی کا انکشاف ہوا۔ جس پر محکمہ صحت پنجاب نے ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) کو باقاعدہ آگاہ کر دیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹرو پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیوایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

جارح قوتوں کو نکیل ڈالنا ضروری!

پاکستان، ایران، سعودی عرب اور ترکیہ کے اعلیٰ حکام کا علاقائی اَمن اور سلامتی سے متعلق پہلا اجلاس تہران میں منعقد ہوا جس میں تعاون مضبوط بنانے اور علاقائی استحکام کیلئے مذاکرات کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے جاری کردہ بیان کے مطابق اجلاس میں علاقائی سلامتی، باہمی رابطوں اور مشترکہ تعاون کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اِس کی میزبانی ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکرٹری جنرل، جنرل محسن رضائی نے کی جبکہ پاکستان کے چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، سعودی عرب کے وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان اور ترکیہ کے قومی انٹیلی جنس ادارے کے سربراہ ابراہیم قالن نے اپنے اپنے ملک کی نمائندگی کی۔ اجلاس میں صدر مسعود پزشکیان کے علاوہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور پاکستان کے وزیر داخلہ محسن نقوی خصوصی طور پر شریک ہوئے۔ خطاب کرتے ہوئے مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ مسلم ممالک کی مشترکہ صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر دنیا کے سامنے انصاف اور ترقی کا نمونہ پیش کیا جاسکتا ہے، خطے نے حالیہ برسوں میں اسرائیلی جرائم کی وسیع لہر دیکھی ہے، اسلامی ممالک کا اتحاد اسرائیل کو جارحیت جاری رکھنے سے روک سکتا ہے۔ ایرانی صدر نے مزید کہا کہ اسرائیل کا خیال تھا کہ فوجی جارحیت ایران کو جھکنے پر مجبور کر دے گی تاہم ایران کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کرنے کا تصور ہی غلط ہے، دباؤ اور فوجی کارروائیوں نے ایرانی قوم کے اتحاد کو مزید مضبوط بنا دیا ہے، نقصانات اور مشکلات کے باوجود یہ اپنے وطن کے دفاع پر ڈٹی رہی۔ اُنہوں نے کہا مسلم ممالک کے درمیان اتحاد، سلامتی اور ترقی کو فروغ دینے کیلئے ایران تعاون کرنے پر تیار ہے، مسلم ممالک کو چاہئے کہ وہ امریکہ اور اسرائیل کی جارحیت کے خلاف علاقائی تعاون مضبوط بنائیں، اختلافات کو بہتر انداز میں حل کریں اور تقسیم کرنے والے معاملات کی بجائے مشترکہ نکات اور مفادات پر توجہ دیں تو خطے کے مسائل پر زیادہ آسانی اور موثر طریقے سے قابو پایا جاسکتا ہے۔ ایرانی سکیورٹی چیف محسن رضائی نے بعدازاں میڈیا سے بات چیت میں کہا کہ مذاکرات میں اتفاق کرلیا گیا کہ علاقائی ممالک بیرونی مداخلت روک کر خطے کی سلامتی خود یقینی بنائیں۔ سعودی وزارت خارجہ سے جاری بیان میں کہا گیا کہ تمام فریقوں کی طرف سے مثبت اور عملی انداز میں بات چیت تنازع کے حل میں مدد دے سکتی ہے۔ اجلاس سے قبل پیر کو اپنی ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے بتا دیا تھا کہ تہران میں اِس مشترکہ اجلاس کی تجویز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اپنے حالیہ دورۂ ایران کے دوران پیش کی تھی۔

تہران میں ہونے والا یہ اجلاس اِس لحاظ سے بھی اہمیت رکھتا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تینوں رُکن ممالک کے اعلیٰ حکام نے ایرانی قیادت کے ساتھ ایک ہی فورم پر علاقائی سلامتی کے معاملات پر گفتگو کی تاہم کسی نئے معاہدے یا حتمی عملی اقدام کی تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ علاقائی ممالک کے درمیان اعتماد اور تعاون ناگزیر ہے جبکہ پائیدار اَمن کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رہنی چاہئیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اجلاس میں خطے کی سلامتی، امریکہ اور اسرائیل کی ایران کے خلاف کارروائیوں کے اثرات کے علاوہ فلسطین اور لبنان کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بین الاقوامی امور کے کئی ماہرین کا کہنا ہے کہ دراصل اِسے اِس طرح سے سمجھنے کی ضرورت ہے کہ پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور ایران پہلی ہی ملاقات میں خطے کے اَمن اور سلامتی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون مضبوط بنانے کیلئے مذاکرات جاری رکھنے پر متفق ہو گئے ہیں۔ اُن کے مطابق مستقبل میں اِس رابطہ کاری کے عملی نتائج کا انحصار آئندہ مشاورت اور چاروں ممالک کی طرف سے کیے جانے والے اقدامات پر ہوگا۔ ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حملوں اور اُس کے بعد پیدا ہونے والی کشیدگی نے مشرقِ وسطیٰ کے سیاسی اور سلامتی کے منظرنامے کو مکمل طور پر تبدیل کر دیا ہے۔ اِس تنازعے کے اہم معاملات پر نظر ڈالنے سے تہران میں پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور ایران کے اعلیٰ حکام کی حالیہ ملاقات کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔ امریکہ اور اسرائیل نے رواں سال فروری میں ایران پر بڑے پیمانے پر حملے شروع کیے۔ اِن حملوں میں ایرانی فوجی اور جوہری تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا اور ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای بھی شہید ہو گئے۔ ایران نے جواباً اسرائیل اور خطے میں امریکی فوجی اڈوں سمیت مختلف اہداف پر حملے کیے۔ آبنائے ہُرمز میں کشیدگی نے عالمی تجارت اور توانائی کی ترسیل بند ہونے سے دنیا بھر میں مہنگائی نے عام آدمی کا جینا حرام کر کے رکھ دیا۔ اپریل میں پاکستان کی ثالثی میں امریکہ اور ایران کے درمیان دو ہفتے کی جنگ بندی پر اتفاق ہوا تاہم مختلف محاذوں پر جھڑپیں اور اختلافات مکمل طور پر ختم نہ ہو سکے۔ بعدازاں مذاکراتی عمل میں پیشرفت نہ ہونے اور مفاہمتی یادداشت کے مؤثر طور پر ختم ہونے کے بعد کشیدگی برقرار رہی۔ امریکی پابندیوں اور محدود فوجی کارروائیوں کے باوجود علاقائی ممالک نے سفارتی رابطے بڑھانے کی کوششیں جاری رکھیں۔

امریکی صدر نے چند روز قبل "مدر آف آل بمبز" ایران پر گرانے سے متعلق بیان دیا تاہم دنیا بھر سے اِس پر تنقید سامنے آئی۔ بین الاقوامی رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی ہر ممکن کوشش رہی کہ وہ خود یا امریکہ ایران پر گزشتہ روز ہونے والے انتخابات سے قبل حملہ ضرور کریں لیکن ایسا ممکن نہ ہو سکا۔ امریکی صدر نے بیانات کا سہارا لیکر عملی اقدامات سے گریز کیا جبکہ اسرائیلی آرمی چیف نے نیتن یاہو سے ایران پر حملے کے معاملے پر اختلاف کرتے ہوئے اُن سے قانونی اختیار کی تحریری دستاویزات طلب کر لیں کیونکہ وہ ایران پر بنا کسی وجہ کے حملہ آور نہیں ہونا چاہتے تھے۔ ایسے میں تہران میں ہونے والا چار ملکی اجلاس اس انتہائی اہمیت اختیار کر گیا تھا۔ یہ اِس اعتبار سے اہم تھا کہ اختلافات کے باوجود چاروں ممالک علاقائی اَمن اور سلامتی کیلئے رابطے جاری رکھنے اور باہمی تعاون مضبوط بنانے پر متفق ہو گئے۔ یہ اتفاقِ رائے اگرچہ بذاتِ خود کسی مشترکہ دفاعی اتحاد یا حتمی معاہدے کے قیام کا اعلان نہیں تاہم مستقبل میں زیادہ منظم علاقائی تعاون کی بنیاد بن سکتا ہے۔ خصوصاً ایسے وقت میں جب امریکی اور اسرائیلی حملوں کے بعد پیدا ہونے والی کشیدگی نے ثابت کیا ہے کہ خطے کا کوئی ملک اپنے ہمسایوں کی سلامتی اور استحکام سے لاتعلق نہیں رہ سکتا اور ہر کسی کو اپنا دفاع خود کرنا ہے یا ایک دوسرے کے ساتھ علاقائی تعاون کے ذریعے جارح قوتوں کو نکیل ڈالنا ہے۔

طلبہ کیلئے نیا پیکیج!

امتیاز احمد عباسی

وزیراعظم شہباز شریف نے ملک بھر کے سرکاری سکولوں اور دینی مدارس کے پانچ لاکھ ہونہار طلباء اور طالبات کو کروم بک اور انٹرنیٹ ڈیوائس فراہم کرنے کے پروگرام کا اجراء کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ یہ جدید ڈیجیٹل آلات آئندہ دو سال کے دوران طلبہ تک پہنچائے جائیں گے۔ اسلام آباد کے کنونشن سینٹر میں میرٹ، محنت اور قابلیت کی بنیاد پر کروم بکس دینے کی تقریب کے دوران طلباء اور طالبات کو سکول بیگ اور "مائی فائی" انٹرنیٹ ڈیوائس بھی دی گئیں تاکہ وہ گھروں میں بیٹھ کر ای لائبریریوں اور دنیا بھر میں دستیاب تعلیمی وسائل سے استفادہ کر سکیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی تاکہ وہ مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو تعلیم کے بہترین مواقع دے اور انہیں ذمہ دار، باصلاحیت اور باکردار شہری بنانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ وزیراعظم نے یہ بھی کہا کہ جدید ٹیکنالوجی تک رسائی نوجوانوں کے لیے علم کے نئے دروازے کھولے گی اور انہیں عالمی سطح پر اپنی صلاحیتیں منوانے کے قابل بنائے گی۔ اُن کے مطابق تعلیم ایسی دولت ہے جسے کوئی چھین نہیں سکتا جبکہ قابلیت اور محنت انسان کو معاشرے میں نمایاں مقام دلاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے سابق دور حکومت میں نواز شریف کی قیادت میں گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سمیت ملک بھر کے چھ لاکھ نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر لیپ ٹاپ فراہم کیے گئے تھے جس سے انہیں آگے بڑھنے کے مواقع ملے کیونکہ ذہانت اور محنت کا تعلق کسی کی مالی حیثیت سے نہیں ہوتا۔ اُن کا کہنا تھا کہ ماضی میں چھ لاکھ لیپ ٹاپ دس سال میں تقسیم کیے گئے تھے جبکہ موجودہ پروگرام کے تحت پانچ لاکھ ہونہار طلباء اور طالبات کو صرف دو سال میں کروم بکس فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ لیپ ٹاپس کے باعث ہی طلباء کورونا وباء کے دوران تعلیم جاری رکھنے میں کامیاب رہے اور اِن میں سے متعدد اپنی تعلیم مکمل کر کے ڈاکٹر، انجینئر اور دیگر شعبوں کے پروفیشنل بنے۔ وزیراعظم نے کروم بکس کی فراہمی کے لیے عطیہ دینے پر ٹوکیو کیئر فاؤنڈیشن کے بانی راشد منہاس اور ان کی ٹیم کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی دن رات محنت کر کے ملک کا نام روشن کرتے ہیں اور اس منصوبے میں ان کا تعاون پاکستانی نوجوانوں کی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار ہے۔ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر طلبہ کو انٹرنیٹ کی سہولت بھی دی جا رہی ہے، ایک "مائی فائی" کنکشن سے پانچ مزید بچے بھی فائدہ اُٹھا سکیں گے جس کے نتیجے میں مجموعی طور پر اِس پروگرام کے فوائد 25 لاکھ بچوں تک پہنچنے کی توقع ہے۔

پاکستان میں اِس وقت بچوں کو تعلیم فراہم کرنا قومی سطح کا ایک بڑا چیلنج ہے۔ وفاقی وزارتِ تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی فروری 2026ء میں جاری کردہ رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ ملک بھر میں ڈھائی کروڑ سے زائد بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ اِس تعلیمی محرومی کے اسباب میں غربت، تعلیمی اداروں تک محدود رسائی، بنیادی سہولتوں کی کمی، اساتذہ کی قلت اور بچیوں کو درپیش سماجی رکاوٹیں شامل ہیں۔ ایسے حالات میں پانچ لاکھ طلبہ کو کروم بکس فراہم کرنا ڈیجیٹل تعلیم کی طرف یقیناً ایک بڑا قدم ہے لیکن اِس سے اُن بچوں کو کوئی فرق نہیں پڑے گا جو سکولوں سے باہر ہیں۔ حکومت کو ڈیجیٹل سہولتوں کی فراہمی کے ساتھ ایسے بچوں کی شناخت، سکولوں میں داخلے، غیر رسمی تعلیم اور بنیادی تعلیمی سہولتوں کی بہتری کے لیے بھی مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے بصورتِ دیگر لاکھوں بچوں کی صلاحیتیں ضائع ہونے کے علاوہ غربت اور معاشی ناہمواری کا سلسلہ جاری رہنے کا خطرہ برقرار رہے گا۔ وزیراعظم یوتھ کروم بک پروگرام اور دانش سکول سسٹم جیسے اقدامات اِس اصول کی اہمیت اُجاگر کرتے ہیں کہ معیاری تعلیم کے مواقع معاشی حیثیت سے قطع نظر ہر بچے کو میسر ہونا چاہئیں۔ کروم بکس کے ذریعے طلبہ کو ڈیجیٹل لائبریریوں، آن لائن تعلیمی مواد اور جدید ٹیکنالوجی تک رسائی مل سکتی ہے جبکہ دانش سکول سسٹم کا مقصد محروم طبقات کے بچوں کو بہتر تعلیمی ماحول اور معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اِن اقدامات کی افادیت مزید بڑھانے کے لیے ضروری ہے کہ آلات کی تقسیم کے ساتھ اساتذہ کی تربیت، انٹرنیٹ کی دستیابی، نصابی مواد کی بہتری اور تعلیمی نتائج کی نگرانی کو بھی یقینی بنایا جائے تاہم بنیادی ہدف صرف موجودہ طلبہ کو سہولتیں فراہم کرنا نہیں بلکہ اُن بچوں کو بھی تعلیم کے دائرے میں لانا ہونا چاہئے جو اِس سے محروم ہیں۔ ڈھائی کروڑ سے زائد بچے مستقبل کا قیمتی انسانی سرمایہ ہیں، انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع سے محروم چھوڑ دینا قومی ترقی کے امکانات کو محدود کرنے کے مترادف ہوگا۔ اگر ریاست اِن کی تعلیم و تربیت میں ناکام رہی تو بے روزگاری، غربت اور معاشرتی محرومیوں کے مسائل شدت اختیار کر سکتے ہیں اور معاشرے پر ایسا بوجھ ڈال سکتے ہیں جسے سنبھالنا مشکل ہو جائے۔ اِس لیے تعلیمی نظام کی بنیاد درست کرنا ناگزیر ہے۔ ابتدائی تعلیم کا معیار بہتر بنانا، سکول چھوڑنے کی شرح کم کرنا، اساتذہ کی کمی دور کرنا اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا ہوگا۔ اِس بحران کا پائیدار حل جامع، مسلسل اور جواب دہ تعلیمی پالیسی کے بغیر ناممکن ہے۔ کروم بکس اور دانش سکول اِس تبدیلی کے اہم اجزاء بن سکتے ہیں بشرطیکہ اصل ترجیح ہر بچے کو تعلیم یافتہ، ہنرمند اور خودمختار شہری بنانا ہو۔

غربت کا کستا ہوا شکنجہ: ایندھن، مہنگائی اور آئی ایم ایف کی رسی

منظر نقوی

پاکستان کی معیشت کے بارے میں ایک بار پھر استحکام کی زبان استعمال کی جارہی ہے۔ زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری، مالیاتی نظم و ضبط، بیرونی کھاتوں کے دباؤ میں کمی اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے ساتھ پروگرام میں پیش رفت کو کامیابی کی علامات قرار دیا جارہا ہے۔ لیکن ان بڑے معاشی اشاریوں کے پیچھے ایک ایسی تلخ حقیقت موجود ہے جسے زیادہ دیر نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ ملک کے کروڑوں شہریوں کے لیے معاشی "استحکام" کا مطلب نہ گھر کے بجٹ میں استحکام ہے، نہ باورچی خانے میں، نہ بجلی کے بل میں اور نہ ہی پٹرول پمپ پر۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ میکرو اکنامک استحکام اور عام آدمی کی معاشی حالت کے درمیان خلیج مسلسل بڑھ رہی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات پر عائد بھاری ٹیکس اور لیویز اس تضاد کی نمایاں مثال ہیں۔ حالیہ اعداد و شمار کے مطابق پٹرول پر تقریباً 114 روپے فی لیٹر جبکہ ڈیزل پر تقریباً 100 روپے فی لیٹر کے مساوی ٹیکس اور لیویز کا بوجھ موجود ہے۔ حکومت کا مؤقف ہے کہ پٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی آئی ایم ایف پروگرام کا بنیادی ستون نہیں، تاہم پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین اور بین الاقوامی نرخوں کے مطابق باقاعدہ ایڈجسٹمنٹ معاشی پالیسی فریم ورک کا حصہ ضرور ہیں۔ لیکن عام شہری کے لیے یہ بحث ثانوی ہے کہ قیمت میں اضافہ آئی ایم ایف کی شرط ہے، حکومت کا مالیاتی فیصلہ ہے یا عالمی منڈی کی تبدیلی کا نتیجہ۔ اسے صرف یہ نظر آتا ہے کہ پٹرول پمپ پر اسے کتنی رقم ادا کرنی ہے۔ ایندھن کی قیمت میں اضافہ معیشت کے ہر شعبے تک منتقل ہوتا ہے۔ ٹرانسپورٹ کے کرائے بڑھتے ہیں، زرعی اخراجات میں اضافہ ہوتا ہے، خوراک کی ترسیل مہنگی ہوتی ہے، صنعتی پیداوار کی لاگت بڑھتی ہے، اسکول وین کی فیس میں اضافہ ہوتا ہے اور چھوٹے کاروبار مزید دباؤ میں آجاتے ہیں۔ حتیٰ کہ وہ خاندان بھی اس اضافے سے متاثر ہوتے ہیں جن کے پاس اپنی گاڑی نہیں کیونکہ تقریباً ہر شے کی قیمت میں ٹرانسپورٹ شامل ہوتی ہے۔ اس لیے پٹرولیم مصنوعات پر بھاری ٹیکس کو محض آسان ریونیو اکٹھا کرنے کا ذریعہ سمجھنا درست نہیں۔ ایک ایسے ملک میں جہاں لاکھوں خاندان پہلے ہی غربت کی لکیر کے قریب زندگی گزار رہے ہیں، ایندھن پر ٹیکس دراصل ہر گھر پر بالواسطہ ٹیکس بن جاتا ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام نے پاکستان کو ایک بڑے معاشی بحران سے بچانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اکتوبر میں آئی ایم ایف اور پاکستانی حکام کے درمیان ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی کے چوتھے جائزے اور ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی کے تیسرے جائزے پر اسٹاف لیول معاہدہ ہوا۔ اس کے نتیجے میں ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری کے بعد پاکستان کے لیے مزید مالی وسائل کی راہ ہموار ہوگی۔ زرمبادلہ کے ذخائر میں بھی بہتری آئی ہے اور معاشی نمو کے حوالے سے محتاط مثبت اندازے سامنے آئے ہیں۔ یہ پیش رفت اہم ہے۔ پاکستان خالی ہوتے ذخائر، بے قابو بجٹ خسارے اور بار بار پیدا ہونے والے ادائیگیوں کے بحران کے ساتھ ترقی نہیں کرسکتا۔ لیکن معاشی استحکام کو منزل نہیں بلکہ ذریعہ سمجھنا ہوگا۔ اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب معاشی پالیسی شہریوں کی زندگی میں بہتری لائے۔ اس حوالے سے گلوبل ہنگر انڈیکس کے اعداد و شمار انتہائی تشویشناک ہیں۔ 2026 کے انڈیکس میں پاکستان کا اسکور 5.25 رہا اور ملک کو بھوک کی "سنگین" سطح رکھنے والے ممالک میں شمار کیا گیا۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق پاکستان 122 ممالک میں 106 ویں نمبر پر ہے۔ تقریباً 1.16 فیصد آبادی غذائی قلت کا شکار ہے جبکہ پانچ سال سے کم عمر بچوں میں 6.33 فیصد کا قد عمر کے لحاظ سے کم ہے اور تقریباً 8.9 فیصد بچے شدید کم وزنی اور غذائی قلت کا شکار ہیں۔ یہ اعداد و شمار پالیسی سازوں کے لیے خطرے کی گھنٹی ہونے چاہئیں۔ ایسی معیشت کی کامیابی کا دعویٰ مشکل ہے جہاں ہر تین میں سے تقریباً ایک بچہ دائمی غذائی محرومی کا شکار ہو۔ مہنگائی اس بحران کو مزید سنگین بنا رہی ہے۔ اگرچہ مہنگائی کی شرح میں گزشتہ بلند سطحوں کے مقابلے میں کمی دیکھی گئی ہے، لیکن مہنگائی کی شرح کم ہونے کا مطلب قیمتوں کا کم ہونا نہیں۔ اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ قیمتیں پہلے کی نسبت نسبتاً سست رفتار سے بڑھ رہی ہیں۔ جو خاندان کئی برسوں سے آٹا، بجلی، گیس، ٹرانسپورٹ، ادویات اور تعلیم کی بڑھتی قیمتیں برداشت کر رہے ہیں، ان کی قوت خرید صرف افراطِ زر کی شرح کم ہونے سے واپس نہیں آتی۔ سب سے زیادہ دباؤ تنخواہ دار متوسط طبقے پر ہے۔ اس کی آمدنی دستاویزی ہے، اس پر ٹیکس آسانی سے لگایا جاتا ہے، لیکن اس کی تنخواہ مہنگائی کے مطابق نہیں بڑھتی۔ کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے صورتحال اس سے بھی زیادہ مشکل ہے کیونکہ خوراک، مکان، بجلی اور ٹرانسپورٹ ان کی آمدنی کا تقریباً تمام حصہ کھا جاتے ہیں۔ پاکستان کو اب اپنی معاشی استحکام کی حکمت عملی میں توازن پیدا کرنا ہوگا۔ مالیاتی نظم و ضبط ضروری ہے، لیکن اس کا بوجھ منصفانہ طور پر تقسیم ہونا چاہیے۔ یہ پالیسی زیادہ دیر نہیں چل سکتی کہ پٹرول استعمال کرنے والے شہریوں اور تنخواہ دار طبقے پر مسلسل بوجھ بڑھایا جائے جبکہ دولت، بڑے ریٹیل کاروبار، جائیداد اور غیر دستاویزی معیشت کے بڑے حصے مناسب ٹیکس نیٹ سے باہر رہیں۔ آئی ایم ایف بھی پاکستان سے زیادہ سادہ اور منصفانہ ٹیکس نظام، مضبوط سماجی تحفظ اور تعلیم وصحت پر زیادہ اخراجات کا مطالبہ کرتا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کسی بھی ایندھن ریلیف کو عمومی سبسڈی کے بجائے ہدفی، عارضی اور موجودہ سماجی تحفظ کے نظام کے ذریعے دینے پر زور دیا گیا ہے۔ یہی پاکستان کے لیے بہتر راستہ ہوسکتا ہے۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور دیگر سماجی تحفظ کے پروگراموں کو مزید مضبوط کیا جائے۔ کم آمدنی والے گھرانوں کے لیے بجلی کا تحفظ مؤثر رکھا جائے۔ بچوں اور ماؤں کے لیے غذائی پروگراموں میں فوری توسیع کی جائے۔ عوامی ٹرانسپورٹ کو ایندھن کی قیمتوں کے اثرات سے زیادہ سے زیادہ محفوظ رکھا جائے اور ٹیکس کا بوجھ ان لوگوں پر منتقل کیا جائے جو اسے برداشت کرنے کی زیادہ صلاحیت رکھتے ہیں۔ پاکستان کو معاشی استحکام یقیناً درکار ہے۔ لیکن ایسا استحکام جو سرکاری کھاتوں کو بہتر اور گھریلو بجٹ کو تباہ کر دے، زیادہ دیر برقرار نہیں رہ سکتا۔ حکومت ایک باریک رسی پر چل رہی ہے۔ ایک طرف آئی ایم ایف کے ساتھ مالیاتی ساکھ برقرار رکھنا ضروری ہے اور دوسری طرف سماجی استحکام اور عوامی قوت خرید کو بچانا بھی ناگزیر ہے۔ معاشی پروگرام کی اصل کامیابی کا فیصلہ صرف اسٹیٹ بینک کے ذخائر، بجٹ خسارے یا واشنگٹن میں طے شدہ اہداف سے نہیں ہونا چاہیے۔ اصل سوال یہ ہے کہ کیا ایک پاکستانی خاندان اپنی آمدنی سے خوراک، بجلی، ٹرانسپورٹ، تعلیم اور علاج کا خرچ قرض لیے بغیر پورا کرسکتا ہے؟ اگر اس سوال کا جواب نفی میں ہے تو پاکستان کا حقیقی معاشی بحران ابھی ختم نہیں ہوا۔

مشن تہران: مسلم امہ کے اتحاد کے لیے فیلڈ مارشل کی جدوجہد

عبدالباسط علوی

تہران میں ہونے والا 26 اکتوبر کا اجلاس پاکستان کے چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی اسٹاف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ہفتوں کی سفارتی کوششوں کا نتیجہ تھا، جنہوں نے بیرونی مداخلت کے بغیر براہِ راست علاقائی بات چیت کے لیے ایران کو مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے اراکین کے ساتھ ایک ساتھ لانے کی تجویز دی تھی۔ ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے اس بات کی تصدیق کی کہ یہ پہل فیلڈ مارشل عاصم منیر کی طرف سے کی گئی تھی جسے تہران نے قبول کرلیا تھا۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان 7 اگست 2026ء کو دستخط ہونے والے اس معاہدے نے ایک اجتماعی دفاعی نظام قائم کیا جس کے تحت کسی ایک رکن پر مسلح حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ اس معاہدے کے تحت ایک سیکرٹریٹ بھی قائم کیا گیا، ایک ریٹائرڈ پاکستانی لیفٹیننٹ جنرل کو اس کا پہلا سیکرٹری جنرل مقرر کیا گیا اور یہ اکتوبر کے اوائل میں اس وقت فعال ہو گیا جب اس کی سیاسی و دفاعی کمیٹی نے ریاض میں ملاقات کی اور حوثی حملوں میں شدت کے جواب میں سعودی عرب میں افواج تعینات کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس وفد میں ولی عہد محمد بن سلمان کے بھائی اور سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان، صدر رجب طیب اردگان کے قریبی مشیر اور ترکیہ کی قومی انٹیلی جنس تنظیم کے سربراہ ابراہیم قالن اور پاکستان کے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ہمراہ وزیر داخلہ محسن نقوی شامل تھے۔ ایران کی نمائندگی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے کی، جو ایران عراق جنگ کے دوران اسلامی انقلابی گارڈ کور کے سابق کمانڈر، سابق صدارتی امیدوار اور معاشیات میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری رکھنے والی اپنی بے باک سوچ و انداز کے لیے جانے جاتے ہیں۔ اجلاس کے بعد رضائی نے ان مذاکرات کو "بہت اچھے" قرار دیا اور کہا کہ خطے میں ایک "نیا ماحول" جنم لے رہا ہے، جس سے ان کے سیکیورٹی پس منظر اور لگی لپٹی رکھے بغیر بات چیت کی شہرت کے پیشِ نظر ان کے بیانات کو خاص اہمیت حاصل ہوئی۔

سرکاری مشترکہ اعلامیے میں چاروں ممالک نے علاقائی امن و سیکیورٹی کے لیے بات چیت جاری رکھنے اور تعاون کو مضبوط بنانے کا عزم ظاہر کیا، جبکہ رضائی نے ایرانی سرکاری ٹیلی ویژن کو بتایا کہ مغربی ایشیا کی سیکیورٹی کی ضمانت خود علاقائی ممالک کو دینی چاہیے اور غیر ملکی مداخلت کو روکا جانا چاہیے۔ اگرچہ اس موقف کو مشترکہ اعلامیے میں شامل نہیں کیا گیا تھا، لیکن شریک وفود کی جانب سے کسی عوامی تردید کا نہ ہونا سیکیورٹی کے لیے زیادہ علاقائی ذمہ داری کو تلاش کرنے کی آمادگی کو ظاہر کرتا ہے۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے بھی وفود سے ملاقات کی اور اسلامی ممالک کی اجتماعی صلاحیتوں کے ذریعے علاقائی تعاون کو گہرا کرنے، اختلافات کو حل کرنے اور اتحاد، سیکیورٹی اور ترقی کو مضبوط بنانے کے لیے اپنے ملک کے عزم کا اظہار کیا۔ ان کے بیانات نے بغیر کسی مخصوص معاہدے یا عزم کے باہمی تعاون کی طرف کھلے پن کا اشارہ دیا۔ یہ اجلاس شدید کشیدگی کے ماحول میں ہوا، جہاں امریکی حکام نے اشارہ دیا کہ امریکی مڈٹرم انتخابات کے بعد ایران پر ایک اور بڑے پیمانے پر حملہ کر سکتا ہے، جبکہ سعودی عرب پر حوثی حملے شدید ہو رہے تھے، یمن کے تنازع سے بیرونی طاقتوں کے ملوث ہونے کا خطرہ تھا اور خطہ اس سال کے اوائل میں ایران کے خلاف امریکہ اور اسرائیل کی جنگ کے اثرات سے اب بھی سنبھل رہا تھا، جس میں ایران کے سپریم لیڈر کی شہادت ہوئی تھی اور خطے کے طاقت کا توازن بدل گیا تھا۔

اگرچہ ان مذاکرات سے نہ تو کوئی جنگ بندی ہوئی، نہ کوئی معاہدہ ہوا اور نہ ہی کوئی بڑی کامیابی حاصل ہوئی، لیکن انہوں نے مسلسل بات چیت کے عزم کو قائم کیا اور یہ ثابت کیا کہ یہ چاروں ممالک تصادم کے بجائے دیگر متبادل راستے تلاش کرنے کے لیے تیار تھے۔ اس اجلاس نے واشنگٹن، ماسکو یا بیجنگ پر انحصار کرنے کے بجائے علاقائی ریاستوں کی طرف سے اپنی سیکیورٹی کی زیادہ ذمہ داری سنبھالنے کے امکان کو بھی اجاگر کیا۔ اگرچہ یہ پیش رفت اب بھی نازک ہے اور دوبارہ تشدد یا غلط فہمی کی نذر ہوسکتی ہے، لیکن اس نے ایسے وقت میں مواصلات اور بات چیت کا ایک اہم ذریعہ قائم کیا ہے جب مزید کشیدگی کے دور رس نتائج ہو سکتے تھے۔

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے لیے یہ مہینوں کی خاموش اور صبر آزما محنت کا ثمر تھا۔ وہ کوئی سیاست دان نہیں ہیں اور نہ ہی خطے کے لیے اپنے وژن پر تقاریر کرتے ہیں۔ وہ خاموش گفتگو، ایسے دوروں جن کا اعلان ان کے مکمل ہونے کے بعد ہوتا ہے، اور ایسی تجاویز کے ذریعے کام کرتے ہیں جو تمام فریقین کے لیے قابلِ قبول ہوں۔ ایرانی وزارتِ خارجہ کی طرف سے اس بات کی تصدیق کہ یہ اجلاس ان کا خیال تھا، ایک ایسے فوجی قائد کے لیے عوامی سطح پر اعتراف کی ایک نایاب مثال ہے جو عام طور پر منظرِ عام سے دور رہتا ہے۔ لیکن یہ ایک ایسا کریڈٹ ہے جو انہوں نے اپنی محنت سے حاصل کیا ہے۔ انہوں نے دارالحکومتوں کے درمیان سفر کرتے ہوئے امریکیوں، ایرانیوں، سعودیوں اور ترک حکام سے بات چیت میں مہینے گزارے۔ انہوں نے تمام اہم فریقین کے ساتھ پاکستان کے قائم تعلقات کے منفرد موقع کا استعمال کرتے ہوئے مذاکرات کی راہ ہموار کی۔ پاکستان لغوی معنوں میں کوئی بالکل غیر جانبدار فریق نہیں ہے، اس کا سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدہ ہے، ترکیہ کے ساتھ گہرے تعلقات ہیں اور ایران کے ساتھ ایک طویل سرحد ملتی ہے۔ لیکن تعلقات کا یہی جال اسے ایک ثالث اور منتظم کے طور پر کارآمد بناتا ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے پاکستان کے ان روابط کو ایک بہترین سفارتی اثاثے میں بدل دیا۔

پاکستانی قوم نے اس پیشرفت کو محسوس کیا ہے اور تہران اجلاس پر عوام کا ردِعمل انتہائی مثبت رہا ہے۔ پاکستانی عوام اس بات سے تنگ آ چکے تھے کہ ان کے ملک کو تنہا یا مسائل کی وجہ قرار دیا جائے۔ اپنے آرمی چیف کو سعودی وزیر دفاع، ترکیہ کے انٹیلی جنس چیف اور ایرانی سیکورٹی قیادت کے ساتھ ایک ہی کمرے میں بیٹھ کر جنگ کے بجائے امن پر بات چیت کرتے دیکھنا ان کے لیے حقیقی فخر کا باعث بنا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان دنیا میں ایک تعمیری کردار ادا کرسکتا ہے اور اس کی فوج صرف ایک جنگی قوت نہیں بلکہ ایک سفارتی ذریعہ بھی ہے۔ یہ تاثر بہت اہمیت رکھتا ہے کیونکہ یہ بیرونی دنیا میں پاکستان کے امیج اور خود پاکستانیوں کے اپنے بارے میں نقطہ نظر کو تشکیل دیتا ہے۔

آگے کا راستہ آسان نہیں ہے۔ بات چیت جاری رکھنے پر اتفاق ایک شروعات ہے، منزل نہیں۔ سعودی عرب کو اب بھی ان گروہوں کی ایرانی حمایت پر شدید تحفظات ہیں جو اس کی سلامتی کے لیے خطرہ ہیں۔ ایران کو بھی سعودی عرب کے امریکہ کے ساتھ تعلقات اور امریکی فوجی اثاثوں کی میزبانی پر گہرے اندیشے ہیں۔ ترکیہ کا اپنا ایک پیچیدہ ایجنڈا ہے۔ پاکستان کو سعودی عرب کے ساتھ اپنے دفاعی معاہدوں اور ایران کے ساتھ اچھے تعلقات برقرار رکھنے کی خواہش کے درمیان توازن قائم رکھنا ہے۔

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن و ثقافت

انوشکا شرما کے پھر امید سے ہونے کی قیاس آرائیاں

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اداکارہ انوشکا شرما کے تیسرے حمل سے متعلق قیاس آرائیاں سامنے آئی ہیں، یہ اس وقت شروع ہوئیں جب انہیں حال ہی میں اپنے شوہر اور بھارتی کرکٹ اسٹار ویرات کوہلی کے ساتھ ممبئی میں دیکھا گیا۔ سوشل میڈیا پر دونوں کی گھومنے پھرنے کی ویڈیوز سامنے آنے کے بعد متعدد صارفین نے سوال کیا کہ آیا اداکارہ ایک بار پھر ماں بننے والی ہیں۔ تاہم انوشکا شرما اور ویرات کوہلی میں سے کسی نے بھی انکے امید سے ہونے سے متعلق ان افواہوں کی تصدیق نہیں کی۔ انوشکا اور ویرات کو بھارتی نژاد امریکی گلوکار کرشنا داس کے لائیو کیرتن میں شرکت کے دوران دیکھا گیا۔ یہ تقریب اتوار 25 اکتوبر کو ممبئی کے علاقے ورلی میں واقع ڈوم، ایس وی پی اسٹیڈیم میں منعقد ہوئی۔ موسیقی کی اس تقریب میں شرکت سے قبل یہ جوڑا گیٹ وے آف انڈیا پر بھی نظر آیا۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ویڈیوز میں انوشکا کو لائیو کیرتن میں تالیاں بجاتے اور گاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے، جبکہ ویرات ان کے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں۔ دونوں کی موجودگی نے فوری طور پر مداحوں کی توجہ حاصل کرلی اور آن لائن انوشکا کے امید سے ہونے سے متعلق قیاس آرائیاں شروع ہوگئیں۔ ایک ویڈیو پر ردعمل دیتے ہوئے ایک صارف نے سوال کیا، کیا انوشکا دوبارہ امید سے ہیں؟ ایک اور صارف نے لکھا، کیا صرف مجھے ہی لگتا ہے کہ انوشکا شرما حاملہ ہیں؟ ایک صارف نے پر مزاح انداز میں لکھا، انوشکا کو بھی شاید ٹوئٹر سے ہی پتا چلتا ہوگا کہ وہ امید سے ہیں۔ تاہم، یہ بات قابل ذکر ہے کہ سوشل میڈیا پر جاری ان قیاس آرائیوں کے باوجود جوڑے کی جانب سے تیسرے بچے کی آمد کے امکان سے متعلق کوئی باضابطہ تصدیق نہیں کی گئی۔ انوشکا شرما اور ویرات کوہلی دسمبر 2017 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے۔

بچے مجھے شوہر کی موت کا ذمے دار سمجھنے لگے: ابیل جاوید

لاہور (پی این پی) پاکستانی ٹی وی میزبان ابیل جاوید اپنے شوہر شہزاد کی بیماری اور اچانک انتقال سے متعلق ذکر کرتے ہوئے آبدیدہ ہوگئیں۔ ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ابیل جاوید نے کہا ہے کہ میرے شوہر بظاہر بیمار نہیں تھے، تاہم انہیں محسوس ہوا کہ جسم میں آکسیجن کی کمی ہے، اسپتال پہنچنے پر ڈاکٹروں نے ڈائیلائسز اور وینٹی لیٹر سمیت مختلف طبی اقدامات کے بارے میں بتایا جس سے شہزاد گھبرا گئے۔ ابیل جاوید کا کہنا ہے کہ ڈاکٹر کی تشخیص سننے کے صرف 4 گھنٹے کے اندر میرے شوہر کا دل کام کرنا چھوڑ گیا۔ ابیل جاوید نے بتایا ہے کہ میں اپنے شوہر کو خیریت سے اسپتال لے کر گئی تھی اور میری آنکھوں کے سامنے یہ سب کچھ ہوا، شوہر کی وفات کے بعد تنہا بچوں کی پرورش کا خیال مجھے خوف زدہ کرتا رہا، جبکہ میرے بچوں نے بھی ابتداء میں مجھے والد کی موت کا ذمے دار سمجھا

خاندانی حالات نے میری شخصیت اور اداکاری پر گہرا اثر ڈالا، فردوس جمال

لاہور (پی این پی) پاکستان کے سینئر اداکار فردوس جمال نے اپنے بچپن سے متعلق اہم انکشافات کیے اور بتایا ہے کہ میرے اردگرد کے خاندانی حالات نے میری شخصیت اور اداکاری پر گہرا اثر ڈالا۔ ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے فردوس جمال کا کہنا ہے کہ میرے والد نے سب سے پہلے مجھ میں اداکاری کا شوق محسوس کیا اور وہ مجھے کم عمری میں فلمیں دکھانے لے جایا کرتے تھے، جس سے میری اسکرین سے دلچسپی پیدا ہوئی تاہم، گھر کے ماحول نے بھی میری ڈرامائی صلاحیتوں کو نکھارنے میں کردار ادا کیا۔ اداکار نے بتایا ہے کہ میرے والد کی 2 بیویاں تھیں اور میرے تقریباً 10 بہن بھائی ہیں

ابوبکر کا انتظار چھوڑیں اور اپنی پڑھائی پر توجہ دیں، شہیرہ جلیل کا مشورہ

پاکستان کی ابھرتی ہوئی اداکارہ شہیرہ جلیل نے مقبول پاکستانی ڈرامے کی مثال دیتے ہوئے نوجوان لڑکیوں کو دلچسپ مشورہ دے دیا۔ حال ہی میں جناح یونیورسٹی میں طالبات سے گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ نے ڈرامے کے کرداروں ابوبکر، زریاب اور زامل کا ذکر کیا۔ شہیرہ جلیل نے کہا کہ لڑکیوں کو اپنی مشکلات سے نکالنے کے لیے کسی ابوبکر کا انتظار نہیں کرنا چاہیے اور نہ ہی کسی زامل کی محبت میں پڑ کر اپنا مستقبل داؤ پر لگانا چاہیے۔ انہوں نے طالبات کو نصیحت کی کہ دوسروں سے امیدیں وابستہ کرنے کے بجائے اپنی تعلیم، محنت اور خود کو بہتر بنانے پر توجہ دیں۔ اداکارہ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد صارفین نے ان کے مشورے کو سراہا۔ ایک صارف نے لکھا کہ اب مجھے بھی پڑھائی کرنے کا حوصلہ مل گیا ہے، جبکہ دیگر نے اداکارہ کی بات سے اتفاق کیا۔

ایمن خان کی فٹنس اور بدلے ہوئے انداز نے مداحوں کو متوجہ کرلیا

اسلام آباد (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکارہ اور سوشل میڈیا انفلوئنسر ایمن خان کی نئی تصاویر سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئی ہیں۔ فیشن ویک میں ان کی شرکت کے دوران سامنے آنے والے انداز اور فٹنس کو مداحوں نے خاص طور پر سراہا ہے۔ ایمن خان نے اپنے شوبز کیریئر کا آغاز بطور چائلڈ آرٹسٹ کیا تھا۔ مختلف ڈراموں میں کام کرنے کے بعد انہیں مرکزی کرداروں میں بھی دیکھا گیا، تاہم ڈراما سیریل 'باندی' کے بعد سے انہوں نے اداکاری سے وقفہ لے رکھا ہے۔ اس دوران وہ تین بیٹیوں کی والدہ بھی بن چکی ہیں۔ حال ہی میں ایک فیشن ویک کی تقریب میں ایمن خان سنہری رنگ کے خوب صورت گاؤن میں دکھائی دیں۔ ان کی تصاویر سامنے آنے کے بعد مداحوں نے ان کی شخصیت میں آنے والی تبدیلی پر تبصرے کیے۔ خاص طور پر اس بات کا ذکر کیا گیا کہ انہوں نے تقریباً ایک سال قبل اپنی بیٹی نیمل کو جنم دیا تھا، لیکن اب وہ پہلے سے مختلف اور فٹ نظر آرہی ہیں۔ سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے ایمن خان کے نئے لُک اور فٹنس کو پسند کیا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 1

[illegible]

بقیہ نمبر 2

[illegible]
پالیسی سازوں، بچوں کے حقوق کے ماہرین، ماہرین تعلیم اور سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے سربراہان نے شرکت کی۔ سیمینار میں وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک، ایس ایس ڈی او کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سید کوثر عباس، رکن قومی اسمبلی و پارلیمانی کاکس آن چائلڈ رائٹس کی کنوینر ڈاکٹر نکہت شکیل، ارکان قومی اسمبلی زیب جعفر اور آسیہ ناز تنولی، نیشنل کمیشن آن دی رائٹس آف چائلڈ (NCRC) کی چیئرپرسن سینیٹر عائشہ رضا فاروق، اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر محمد اکرم اور ایس ایس ڈی او کی ڈائریکٹر پروگرامز مریم جواد سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات شریک ہوئیں۔ سیمینار کے شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ بچوں کے تحفظ کے لیے صرف قوانین بنانا اور پالیسی اعلانات کرنا کافی نہیں، بلکہ ان پر مؤثر عمل درآمد، اداروں کی جوابدہی اور خاندانوں، اسکولوں، کمیونٹیز اور سرکاری حکام کی مسلسل شمولیت بھی ضروری ہے۔ بچوں کے ساتھ بدسلوکی، تشدد، استحصال اور غفلت کے واقعات کی روک تھام کے لیے ایسا مربوط نظام تشکیل دینے کی ضرورت ہے جس کے تحت خطرات کی بروقت نشاندہی، ذمہ دارانہ رپورٹنگ اور متاثرہ بچوں کو فوری اور حساس انداز میں مدد فراہم کی جا سکے۔ مقررین نے کہا کہ بچوں کے تحفظ کے حوالے سے اسکول اور دیگر تعلیمی ادارے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، کیونکہ یہی وہ مقامات ہیں جہاں اساتذہ اور انتظامیہ بچوں کے رویوں میں تبدیلی یا ممکنہ بدسلوکی کی علامات کو ابتدائی مرحلے میں محسوس کر سکتے ہیں۔ اس لیے اساتذہ، اسکول سربراہان اور والدین کو بچوں کے ساتھ بدسلوکی کی انتباہی علامات، شکایات درج کرانے کے مناسب طریقہ کار اور متعلقہ اداروں تک معاملات پہنچانے کے نظام سے آگاہ کرنا ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 3

مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اس کورس میں افسران کو قوانین پر عملدرآمد، جرائم کورس میں تفتیش کرنے کا طریقہ کار بتایا گیا۔ افسران کو قانون کی پاسداری، انسداد جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیوں، وی وی آئی پی موومنٹ کے دوران فرائض کی ادائیگی سمیت دیگر امور با تربیت دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ افراد کے ساتھ پولیس افسران کا رویہ انتہائی ہمدردانہ اور منصفانہ ہونا چاہیئے۔ متاثرین کے وقار کو برقرار رکھتے ہوئے تفتیش مکمل کریں تاکہ مجرمان کیفر کردار تک پہنچ سکیں۔ پولیس کالج سہالہ میں مختلف محکموں کے افسران کی پیشہ ورانہ تربیت کی جاتی ہے جو ادارے کا اعزاز ہے۔ پاسنگ آؤٹ ہونے والے افسران محکمہ کی پہچان ہوتے ہیں۔ کورس کے اختتام پر کامیاب افسران میں تعریفی اسناد اور سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔

بقیہ نمبر 4

کے مطابق ملزم نے میری بھتیجی سے زیادتی کی، گوجر خان پولیس نے شہری کی درخواست پر مقدمہ درج کرکے ملزم کو تحویل میں لے لیا، متاثرہ لڑکی کا میڈیکل پراسس کروایا گیا ہے، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، خواتین، بچوں سے ہراسمنٹ یا زیادتی ناقابل برداشت ہیں

بقیہ نمبر 5

ہوئے کہا کہ اللہ کی سب سے زیادہ شاہکار تخلیق انسان ہے۔ اللہ نے انسان کو فیصلہ اور سوچ کی طاقت سے نوازا ہے۔ طالبات نے نویں جماعت میں فیڈرل بورڈ کے بڑے مقابلے میں جانا ہے۔ بڑے مقابلے کے لئے بڑی محنت، حکمت عملی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اللہ کے نظام میں موجود سورج کے طلوع وغروب ہونے میں مستقل مزاجی اور نماز کے اوقات کار متحرک ہونے کو ذات کا حصہ بنانے سے انسان کامیاب ہو جاتا ہے۔ اس موقع پر پرنسپل اسلام آباد کریئر کالج ٹھنڈا پانی افراز عباسی بھی موجود تھے۔ جاوید انتظار نے کہا کہ طالبات آج فیصلہ کرلیں کہ انہوں نے فیڈرل بورڈ نویں جماعت میں نمبروں کا کیا ہدف رکھنا ہے۔ ہدف کے حصول کے لئے روزانہ تین گھنٹے نصاب کی دہرائی اور تیاری کے لئے مختص کریں۔ ہفتہ اتوار کو تین گھنٹے صبح اور تین گھنٹے شام کو مختص کریں۔ اس طرح ایک ہفتے میں 27 گھنٹے دہرائی اور تیاری کرنے سے وہ فیڈرل بورڈ کی ٹاپ پوزیشنز حاصل کرلیں گی۔

بقیہ نمبر 6

بطور مہمانان خصوصی شرکت کی، تقریب کے میزبان چیئرمین اپینک محمد صدیق انظر، نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے صدر عبدالرزاق سیال، سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ، اپینک گلگت بلتستان چیپٹر کی چیئرپرسن مہوش ممتاز بیگ، صدر میڈیا ورکرز آرگنائزیشن کلیم شمیم، سینئر صحافیوں طارق عثمانی، ڈاکٹر سعدیہ کمال، فورتھ پلر کے صدر فاروق مرزا، قربان ستی، محمد فیاض چوہدری، فرحت فاطمہ، عمران اکبر اور راجہ جاوید نے تقریب سے خطاب کیا تقریب میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی بڑی تعداد نے شرکت کی، سینیٹر محمد طلحہ محمود نے اپینک گلگت بلتستان کے نو منتخب عہدیداران سے حلف لیا۔ تقریب میں مقررین نے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہتے ہوئے ان کے حقوق کے تحفظ، فلاح و بہبود، ملازمتوں کے استحکام اور میڈیا انڈسٹری میں کام کرنے والے افراد کو درپیش مسائل کے حل کی ضرورت پر زور دیا۔ مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صحافتی برادری کے مسائل کے حل اور میڈیا ورکرز کی فلاح و بہبود کے لیے متعلقہ اداروں، صحافتی تنظیموں اور حکومت کے درمیان مؤثر رابطوں کو فروغ دینا ناگزیر ہے سینیٹر محمد طلحہ محمود نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحافی معاشرے میں سچائی کے فروغ، عوامی مسائل کی نشاندہی اور جمہوری اقدار کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ صحافیوں کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھنا اور ان کے حقوق کا تحفظ یقینی بنانا ضروری ہے

بقیہ نمبر 7

جارہے ہیں، جبکہ دوسری جانب نانبائیوں کی جانب سے روٹی کے وزن اور قیمت کے حوالے سے بھی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گھریلو استعمال کی ایل پی جی کی قیمتوں پر مؤثر نگرانی نہ ہونے کے باعث بعض فروخت کنندگان مبینہ طور پر اپنی مرضی کے نرخ وصول کر رہے ہیں، جس سے پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ دوسری جانب روٹی کے وزن اور قیمت کے حوالے سے بھی شہریوں کو تحفظات ہیں

بقیہ نمبر 8

خان میں بھی اسی روز دو چوری کی وارداتیں سامنے [illegible]

بقیہ نمبر 9

[illegible]

بقیہ نمبر 10

[illegible]

بقیہ نمبر 11

[illegible]
وجماعت کے علماء وخطباء سے امتیازی سلوک برتا جا رہا ہے اور انکو بلاوجہ تنگ کیا جانا بند کیا جائے ان خیالات کا اظہار جید علماء اور مشائخ عظام نے مرکزی جماعت اہل سنت کے زیر اہتمام پندرہویں سالانہ عزت ورسول بتول کانفرنس سے خطاب دوران کیا جسمیں دوسوزا※ د دینی مدارس کے سربراہان مفتیان کرام نے شرکت کی ناظم اعلیٰ مرکزی جماعت اہلسنت عالمی مبلغ اسلام پیر سید عرفان مشہدی کی سرپرستی میں ہونیوالی اس کانفرنس کی صدارت امیر مرکزی جماعت اہل سنت پاکستان پیر عبدالخالق القادری نے کی جبکہ مہمانان خصوصی صاحبزادہ دیوان احمد مسعود چشتی فاروقی، سید غلام نظام الدین جامی گولڑہ شریف، پیر اسرار الحق چشتی نظامی، علامہ سید مظفر حسین شاہ قادری، پیر سید حبیب عرفانی، پیر حسان حسیب الرحمان، پیر احسان دانش قادری، سید ضمیر الحسن سید سرور حسین موسوی، سید شبیہ الحسن مشہدی، صاحبزادہ سلیمان قمر ماہنی، کے علاوہ چاروں صوبوں سے عوام اہل سنت کی کثیر تعدا موجود تھی ناظم اعلی مرکزی جماعت عالمی مبلغ پیر سید عرفان مشہدی نے کہا فتنہ خوارج اسلام اور پاکستان کے لیے خطرہ ہیں انکی سرکوبی کے لیے پاک کی جدوجہد قابل تحسین ہم فوجی جونواں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اقوام متحدہ سے مطالبہ ہے کہ مسلمانوں کے مقدسات کے بارے میں دوہرا معیار ترک کرے اور فلسطین وکشمیر کے بارے میں اپنی قراردادوں پر عمل کروا※ ے قانون ناموس رسالت میں تبدیلی کسی طرح بھی قبول نہیں کریں گے البتہ اسکا غلط استعمال بھی قابل مذمت ہے قادیانی اسلام اور پاکستان کے غدار ہیں آ※ ین پاکستان کی رو سے غیر مسلم اقلیت ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ہم پاکستان کے حقیقی وارث ہیں کیونکہ یہ ملک ہمارے اکابر نے بنایا آج جو پاکستان کے خیر خواہ ہونے کے دعویدار ہیں انکے بڑوں نے کہا تھا کہ پاکستان کی پ بھی نہیں بننے دیں گے یہ علماء ومشا※ خ اہل سنت تھے کہ جنہوں قا※ داعظم کا بھرپور ساتھ دیا اور یہ ملک معرض وجود میں آیا۔ ہم اسلاف واکابر کے عقا※ د کے ترجمان و وارث ہیں اور یہ ذمہ داری ہمیں قا※ د ملت اسلامیہ شاہ احمد نورانی نے دی آخر میں پاک فوج کی قربانیوں پر انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ مشترکہ اعلامیہ۔ جسکی ہم جملہ معاملات عقا※ د وعبادات میں مشاہیر وجمہور علماء اہل سنت کی تشریحات کے پابند ہیں جنکا اثبات محقق علی الاطلاق شیخ عبدالحق محدث دہلوی حضرت مجدد الف ثانی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی اور سیدنا پیر مہر علی شاہ گولڑوی نے فرمایا ہے تمام مفتیان کرام نے اس بات پر اتفاق کیا انبیاء کرام وملا※ کہ علیہم السلام کے علاوہ کو※ ی معصوم نہیں تاہم خواص ذوات محفوظ ہیں۔ سیدہ کا※ نات حسنین کریمین اور انکی اولاد سے محبت ومودت حکم قرآنی اور حضور کی ازواج مطہرات بھی اہل بیت ہیں جو شخص اپنے قول وعمل سے اہل بیت کو اذیت پہنچا※ ے وہ ناصبی ہے اور جو اصحاب رسول سے بغض رکھے وہ رافضی ہے کیونکہ صحابہ کرام ایمان تقویٰ کا اعلیٰ نمونہ ہیں اور سب جنتی ہیں صحابہ کرام کی بے ادبی جو دلیل قطعی کے خلاف ہو کفر ہے۔ اسی طرح اہل بیت رسول میں سے وہ ہستیاں جو اہل کساء ہیں رسول پاک کی محبوب ہستیاں ہیں۔ سادات کی تعظیم واجب ہے جسکا سبب نسبت رسول ہے۔ مشاجرات صحابہ میں کف لسان میں دین وایمان کی سلامتی ہے مگر ہم یقین رکھتے ہیں کہ تمام تر جنگوں میں مولا علی حق پر اور برصواب تھے اولیاء اللہ نا※ ب رسول ہیں اور ولایت وہی ہے جو تابع شریعت ہو جس کے باطن میں تزکیہ ہو موجودہ حالات میں فقہ حنفی کی ترویج اشاعت پر زور دیا جا※ ے اور ملک کی سالمیت و نظام مصطفیٰ کی پرامن جدوجہد پر زور دیا جا۔

بقیہ نمبر 12

کو بھی ایک سنہری موقع فراہم کر دیا ہے، جو اس مہنگے اور جدید فون کو جلد از جلد حاصل کرنے کے خواہش مند صارفین کو نشانہ بنا رہے ہیں

بقیہ نمبر 13

کے لیے ایک اہم "پولیو ریڈینس" کا اجلاس 29 اکتوبر 2026 بروز جمعرات ڈسی آفس میں منعقد ہوا، جس کے بعد بچوں کو قطرے پلا کر مہم کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مری جنرل کامران صغیر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروس مری، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ اور ضلع کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے پولیو ٹیموں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے سیکیورٹی کے سخت ترین انتظامات کی ہدایت کی اور پولیس سمیت تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو فیلڈ اسٹاف کو بھرپور سیکیورٹی فراہم کرنے کا حکم دیا۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ پانچ سال سے کم عمر کے تمام بچوں کی صد فیصد کوریج کو یقینی بنایا جائے گا اور اس قومی مہم میں کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 14

غیر ضروری طور پر گھر سے باہر نکلنے سے گریز کریں۔ تفصیل کے مطابق صوبائی دارالحکومت لاہور میں اسموگ کا راج ایک بار پھر قائم ہو گیا اور شہر دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پیش پیش ہے۔ فضا انتہائی مضر صحت ہونے کے باعث حد نگاہ بری طرح متاثر ہو رہی ہے جبکہ ہوا کی رفتار انتہائی کم، یعنی صرف 5 کلومیٹر فی گھنٹہ ریکارڈ کی گئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ بھارتی شہروں امرتسر اور اٹاری سے آنے والی شدید آلودہ ہوا کے باعث لاہور کے ایئر کوالٹی انڈیکس (AQI) میں عارضی طور پر نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ تاہم، حکام کا کہنا ہے کہ دوپہر 12 بجے کے بعد ہوا کا رخ بدلنے سے فضائی آلودگی کے انڈیکس میں کمی کا امکان ہے۔ طبی ماہرین نے شدید فضائی آلودگی کے پیش نظر شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ غیر ضروری طور پر گھر سے باہر نکلنے سے گریز کریں اور باہر جانا ناگزیر ہو تو فلٹر والا ماسک (N95) لازمی استعمال کریں اور گھروں و دفاتر کی کھڑکیاں اور دروازے بند رکھیں۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی جانب سے کہا گیا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی سخت ہدایت پر صوبے بھر میں انسداد اسموگ آپریشن کو مزید تیز کر دیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فضائی آلودگی کے زیادہ تناسب والے علاقوں میں سموگ گنز کا استعمال اور مسلسل پانی کا چھڑکا کیا جا رہا ہے اور اسموگ کے تدارک کے لیے جدید تکنیکوں، ڈرون اسکواڈ اور ہاک آئی اسکواڈ کے ذریعے کڑی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ آلودگی پھیلانے والے مقامی ذرائع (دھواں دینے والی گاڑیاں، بھٹے اور فیکٹریاں) کے خلاف فیلڈ انفورسمنٹ اور قانونی کارروائیاں بلاامتیاز جاری ہیں

بقیہ نمبر 15

کے ہاتھ کاٹ دو، اور اگر روٹی کے لیے چوری کرے تو حکمرانوں کے ہاتھ کاٹ دو، روٹی کا چور، چور نہیں ہوتا، مجبور ہوتا ہے۔ روز قیامت جب جرموں کی کتاب کھلے گئی تو ان کی وجہ بھی سامنے لائی جائے گئی نا چاہتے ہوئے کیے جانے والے عوامی جرموں کے پیچھے احمق و ظالم حکمرانوں کی انسانیت دشمن، پالسیاں، قانون سازیاں، زبردستی کے ناجائز ٹیکس، سودی قرضوں کی وصولی جیسے فیصلوں کا ہاتھ نکلے گا۔
لاکھوں عام انسانوں کی بھوک اتنی بھیانک نہیں ہوتی جتنی چند حکمرانوں کی بھوک ہے جو لاکھوں انسانوں کو ہی نگل جاتی ہے۔ حالات سے تنگ عوام کی خودکشیوں کے پیچھے قاتل حکمران ہی ہوتے ہیں۔ بے روزگاری و مہنگائی زمین پر ظالم حکمرانوں کے عذاب ہیں۔ خدا کی زمین مسلسل سارے رزق پورے ذائقوں اور رنگوں سے اُگل رہی ہے، پانی خشک نہیں ہوا، ہوائیں رُوکی نہیں گئیں، سورج، چاند، دن، رات سارا خدائی نظام بغیر کوتاہی کے انسانوں کے لیے مفت میں چل رہا ہے، جہاں خدا اصلاح کی سختی کرتا ہے وہاں زبان خاموش، چہرے مرجھائے، لب خشک، حلق سوکھے، جہاں پانی موجیں مارتا ہے وہاں خاک اڑنے لگتی ہے جہاں بارش برستی ہے پھر آگ برسنے لگتی ہے، لوگ پہلے نڈھال پھر بدحال، آبادیاں اُجڑ گئیں، ویرانیاں بس گئیں، انسانی زندگی نے خدائی ناراضگی کا یہ منظر دیکھا تو کہیں دُور نکل گئی، جہاں خدا کے سامنے آنسوؤں کے پانی سے دل کو باوضو کر کے توبہ و معافی کے رونے روئے گئے اور دونوں ہاتھوں کا پیالہ بنا کر یہ دُعا مانگی گئی کہ اے خدا اگر ہماری خطائیں تیری رحمت سے زیادہ ہیں تو ہمیں مٹا دے، اور اگر تیری رحمت زیادہ ہے زندگی کی بہاریں لُوٹا دے۔ اور پھر خدا کی رحمت اُس کے غصے پہ غالب آئی اور زمین کے ساتھ ساتھ دلوں پہ بھی شادابی اُتر آئی۔ آج غریب و شریف انسانیت کے حصول حقوق واسطے یہ دُعا مانگتی ہے کہ اس ملک کے نظام کو کنٹرول کرنے والوں کے دلوں کو خدا اپنی ہدایت سے کنٹرول کر کے ہماری خوشحالی لُوٹا دے آمین ثم آمین

بقیہ نمبر 16

کے ہاتھ کاٹ دو، اور اگر روٹی کے لیے چوری کرے تو حکمرانوں کے ہاتھ کاٹ دو، روٹی کا چور، چور نہیں ہوتا، مجبور ہوتا ہے۔ روز قیامت جب جرموں کی کتاب کھلے گئی تو ان کی وجہ بھی سامنے لائی جائے گئی نا چاہتے ہوئے کیے جانے والے عوامی جرموں کے پیچھے احمق و ظالم حکمرانوں کی انسانیت دشمن، پالسیاں، قانون سازیاں، زبردستی کے ناجائز ٹیکس، سودی قرضوں کی وصولی جیسے فیصلوں کا ہاتھ نکلے گا۔
لاکھوں عام انسانوں کی بھوک اتنی بھیانک نہیں ہوتی جتنی چند حکمرانوں کی بھوک ہے جو لاکھوں انسانوں کو ہی نگل جاتی ہے۔ حالات سے تنگ عوام کی خودکشیوں کے پیچھے قاتل حکمران ہی ہوتے ہیں۔ بے روزگاری و مہنگائی زمین پر ظالم حکمرانوں کے عذاب ہیں۔ خدا کی زمین مسلسل سارے رزق پورے ذائقوں اور رنگوں سے اُگل رہی ہے، پانی خشک نہیں ہوا، ہوائیں رُوکی نہیں گئیں، سورج، چاند، دن، رات سارا خدائی نظام بغیر کوتاہی کے انسانوں کے لیے مفت میں چل رہا ہے، جہاں خدا اصلاح کی سختی کرتا ہے وہاں زبان خاموش، چہرے مرجھائے، لب خشک، حلق سوکھے، جہاں پانی موجیں مارتا ہے وہاں خاک اڑنے لگتی ہے جہاں بارش برستی ہے پھر آگ برسنے لگتی ہے، لوگ پہلے نڈھال پھر بدحال، آبادیاں اُجڑ گئیں، ویرانیاں بس گئیں، انسانی زندگی نے خدائی ناراضگی کا یہ منظر دیکھا تو کہیں دُور نکل گئی، جہاں خدا کے سامنے آنسوؤں کے پانی سے دل کو باوضو کر کے توبہ و معافی کے رونے روئے گئے اور دونوں ہاتھوں کا پیالہ بنا کر یہ دُعا مانگی گئی کہ اے خدا اگر ہماری خطائیں تیری رحمت سے زیادہ ہیں تو ہمیں مٹا دے، اور اگر تیری رحمت زیادہ ہے زندگی کی بہاریں لُوٹا دے۔ اور پھر خدا کی رحمت اُس کے غصے پہ غالب آئی اور زمین کے ساتھ ساتھ دلوں پہ بھی شادابی اُتر آئی۔ آج غریب و شریف انسانیت کے حصول حقوق واسطے یہ دُعا مانگتی ہے کہ اس ملک کے نظام کو کنٹرول کرنے والوں کے دلوں کو خدا اپنی ہدایت سے کنٹرول کر کے ہماری خوشحالی لُوٹا دے آمین ثم آمین

بقیہ نمبر 17

امنگوں کو دفاع و سلامتی، تجارت، زراعت، فارماسیوٹیکلز، توانائی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی میں ٹھوس تعاون میں ڈھالنے کی ضرورت پر زور دیا، جبکہ کثیر الجہتی فورمز پر رابطہ کاری کو مضبوط بنانے پر بھی توجہ دی۔ انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹیجک اسٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) میں نائیجیریا کے قومی دن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نائیجیریا اور پاکستان کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ وہ عالمی امن، منصفانہ ترقی اور زیادہ نمائندہ بین الاقوامی نظام کو فروغ دیں۔ اپنے تعارفی کلمات میں، ڈائریکٹر جنرل آئی ایس ایس آئی سفیر معین الحق نے نائیجیریا کی معاشی صلاحیت، ثقافتی ورثے اور علاقائی قیادت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے 1961 سے پاکستان اور نائیجیریا کے درمیان دیرینہ دوستی کو نمایاں کیا۔ انہوں نے دوطرفہ تجارت میں اضافے اور دوطرفہ تجارتی معاہدے پر تیزی سے پیش رفت کا مطالبہ کیا۔ سینیٹر مشاہد حسین سید نے پاکستان اور نائیجیریا کے درمیان تاریخی تعلقات کو یاد کیا، جن میں نائیجیریا کے پہلے وزیر اعظم سر ابوبکر تفاوا ابلیوا کی میراث بھی شامل ہے۔ انہوں نے افریقہ کی بڑھتی ہوئی عالمی اہمیت اور تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم اور تحقیق کے ذریعے پاکستان کے لیے مواقع پر بھی زور دیا۔ انہوں نے پاکستان اور افریقی ممالک کے درمیان دیرینہ خیر سگالی کو عملی تعاون میں بدلنے کی اہمیت کا اعادہ کیا۔ نائیجیریا میں پاکستان کے مشن کے سربراہ دفتر خارجہ محمد عمران نے کہا کہ تجارت و سرمایہ کاری، تعلیم اور دیگر اہم شعبوں میں بہتر تعاون کے بے پناہ امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان کاروباری تعلقات کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ ڈائریکٹر کیمیا ڈاکٹر آمنہ خان نے اپنے خیر مقدمی کلمات میں افریقہ کے ساتھ پاکستان کی فکری وابستگی کو گہرا کرنے اور براعظم کے بارے میں زیادہ تفہیم کو فروغ دینے کے لیے کیمیا کے عزم کو اجاگر کیا۔ انہوں نے مکالمے اور مشترکہ سیکھنے کے ذریعے افریقی شراکت داروں کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ اپنے اختتامی کلمات میں، چیئرمین بورڈ آف گورنرز آئی ایس ایس آئی سفیر خالد محمود نے نائیجیریا کو "افریقہ کا دیو" قرار دیتے ہوئے اس کی توانائی، صلاحیت اور عزائم کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اس اجتماع کے انعقاد پر کیمیا اور نائیجیریا مشن کو سراہا اور دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کی

بقیہ نمبر 18

دیا گیا۔ یہ اقدام پاکستان ساڈک چیمبر ٹریڈ فیڈ ریشن (پی ایس سی ٹی ایف)، پاکستان چیپٹر کی جانب سے منعقد کی گئی پہلی افریقہ سفارتی و اقتصادی کانفرنس 2026 کے مقاصد کو آگے بڑھاتا ہے۔ اس سے وابستہ قیادت میں فیڈریشن کے سرپرست اعلیٰ دیوان محمد یوسف فاروقی اور پاکستان چیپٹر کے چیئرمین محمد رفیق میمن شامل ہیں۔ اجلاس کی پریزنٹیشن میں وزارت تجارت کی سالانہ رپورٹ سے منسوب اعداد و شمار کے مطابق، مالی سال 25-2024 میں پاکستان اور افریقہ کے درمیان اشیا کی تجارت 4 ارب 85 کروڑ امریکی ڈالر رہی۔ اس میں پاکستان کی برآمدات 2 ارب 24 کروڑ ڈالر اور درآمدات 2 ارب 61 کروڑ ڈالر تھیں۔ پریزنٹیشن کے مطابق، مالی سال 24-2023 میں مجموعی تجارت 5 ارب 45 کروڑ ڈالر رہی تھی۔ گفتگو میں خوراک اور زراعت، ٹیکسٹائل اور ملبوسات، سیمنٹ اور معدنیات، مشینری بجلی کے آلات، ادویات طبی اور جراحی کے آلات، چمڑے کی مصنوعات، جوتوں اور کھیلوں کے سامان میں کاروبار بڑھانے کے مواقع کی نشاندہی کی گئی۔ ابتدائی جائزے میں جنوبی افریقہ، مڈغاسکر، تنزانیہ اور موزمبیق کی منڈیوں کو نمایاں کیا گیا، تاہم ہر ملک کے تجارتی اعداد و شمار کی مزید تصدیق ضروری قرار دی گئی۔ پریزنٹیشن میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ تجارت دونوں طرف سے بڑھنی چاہیے۔ پاکستان افریقی منڈیوں سے کوئلہ، مائع قدرتی گیس (ایل این جی)، فاسفورک ایسڈ، قدرتی فاسفیٹ اور صاف شدہ تانبے کی کیتھوڈز درآمد کرتا ہے۔ ان شعبوں میں افریقی برآمد کنندگان کے لیے مواقع موجود ہیں، جبکہ پاکستانی کاروبار خوراک، ٹیکسٹائل، سیمنٹ، معدنیات اور دیگر اہم مصنوعات کی برآمدات بڑھا سکتے ہیں۔ ان مواقع کو عملی شکل دینے کے لیے 90 دن کا ایک منصوبہ تجویز کیا گیا۔ اس میں تجارتی اعداد و شمار کی تصدیق، متعلقہ خریداروں اور سپلائرز کی فہرستیں تیار کرنا، درآمدی ڈیوٹی اور منڈی میں داخلے کی شرائط کا جائزہ لینا شامل ہے۔ اس کے ساتھ منتخب مصنوعات اور ملکوں کے لیے ابتدائی کاروباری ملاقاتیں کرانے کی بھی تجویز دی گئی۔ اجلاس میں زور دیا گیا کہ درست تجارتی معلومات اور فائدہ مند کاروباری شراکت داریاں پاکستان اور افریقہ کے اقتصادی تعلقات بڑھانے کے لیے ضروری ہیں۔ ان اقدامات سے سامان کی فراہمی کا نظام مضبوط بنانے اور ساڑک کے رکن ممالک کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری کے دیرپا مواقع پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 19

ہیں۔ گزشتہ چودہ سالوں کے دوران صوبے میں تعلیم، صحت، زراعت اور دیگر اہم شعبوں کو جو نقصانات پہنچے ہیں، اب وقت آ گیا ہے کہ ان مسائل کو حل کیا جائے اور صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جائے۔ ہم تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد، سیاسی جماعتوں اور عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا ساتھ دیں اور ان کے ہاتھ مضبوط کریں، تاکہ صوبے میں عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو آگے بڑھایا جا سکے۔ ہماری تمام عوام سے گزارش ہے کہ وہ ذاتی اور سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر صوبے کی ترقی، خوشحالی اور آنے والی نسلوں کے روشن مستقبل کے لیے متحد ہو جائیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ خیبر پختونخوا میں تعلیم، صحت، زراعت اور دیگر بنیادی شعبوں پر خصوصی توجہ دی جائے، عوام کے مسائل حل ہوں اور ہمارا صوبہ ترقی کی راہ پر آگے بڑھے۔

بقیہ نمبر 20

این پی سی عبدالرزاق سیال نے معزز مہمان کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور رومانیہ کے درمیان گہرے اور قریبی روابط ہیں، دونوں ممالک کے مابین صحافت، تعلیم، تجارت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ثقافت اور دیگر شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں، جن سے فائدہ اٹھا کر دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنایا جا سکتا ہے، سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ نے کہا کہ نیشنل پریس کلب اسلام آباد صحافیوں کا ایک اہم نمائندہ ادارہ ہے، جو صحافتی برادری کی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ آزادیٔ صحافت، ذمہ دارانہ صحافت اور بین الاقوامی سطح پر صحافتی روابط کے فروغ کے لیے بھی اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ رومانیہ کے سفیر کی نیشنل پریس کلب آمد دونوں ممالک کے صحافتی حلقوں کے درمیان رابطوں کو مضبوط بنانے اور ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرنے کے حوالے سے اہمیت کی حامل ہے، میٹ دی پریس سے خطاب کرتے ہوئے رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر ڈین سٹوئینسکو نے کہا ہے کہ پاکستان اور رومانیہ کے درمیان چھ دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط دوستانہ تعلقات باہمی احترام، مشترکہ مفادات اور تعمیری تعاون کی مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافے کے ذریعے ان تعلقات کو ایک نئی جہت دی جا سکتی ہے۔ اپنے افتتاحی کلمات میں رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر ڈین سٹوئینسکو نے کہا کہ پاکستان اور رومانیہ نے 15 اکتوبر 1964 کو سفارتی تعلقات قائم کیے تھے۔ اس کے بعد دونوں ممالک نے صنعتی ترقی، تکنیکی تعاون اور مختلف شعبوں میں شراکت داری کو فروغ دیا۔ ماضی میں رومانیہ نے پاکستان کی صنعتی ترقی، خصوصاً تیل، سیمنٹ اور کھاد کی صنعتوں میں تکنیکی مہارت اور تعاون فراہم کیا، جبکہ اب قابل تجدید توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، صنعتی جدت اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں نئے مشترکہ منصوبوں کے مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2024 میں سفارتی تعلقات کی 60 ویں سالگرہ کے موقع پر دونوں ممالک نے دوطرفہ روابط مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ رومانیہ کی وزیر خارجہ اونا سلویہ تویو اور پاکستان کے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کے درمیان 14 اپریل اور 15 جون 2026 کو ہونے والی ٹیلی فونک گفتگو بھی دونوں ممالک کے تعلقات میں مثبت پیش رفت کی عکاس ہے۔ ان رابطوں میں سفارت کاری، مکالمے، تنازعات کے پُرامن حل اور باہمی تعاون کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا گیا، جبکہ سیاسی مشاورت کا اگلا دور 2027 میں منعقد کرنے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ رومانیہ کے سفیر کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت کا حجم اس وقت تقریباً 156 ملین امریکی ڈالر ہے، تاہم یہ دونوں معیشتوں کی حقیقی صلاحیت کی مکمل عکاسی نہیں کرتا۔ یورپی یونین کے رکن اور وسطی و مشرقی یورپ کے اہم صنعتی و تجارتی مرکز کی حیثیت سے رومانیہ پاکستانی کاروباری اداروں کے لیے یورپی منڈیوں تک رسائی کے مواقع فراہم کر سکتا ہے، جبکہ پاکستان کی صنعتی صلاحیت، کاروباری سرگرمیاں اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں بڑھتی ہوئی مہارت رومانیہ کی کمپنیوں کے لیے پرکشش امکانات رکھتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مارچ 2026 میں پورٹ آف کانسٹانتا اور کراچی پورٹ ٹرسٹ کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے گئے، جس سے سمندری روابط، تجارتی راستوں اور جنوبی ایشیا و یورپ کے درمیان تجارت کو فروغ دینے کی بنیاد فراہم ہوئی ہے

بقیہ نمبر 21

آباد این اے 48 کا صدر جبکہ امیر حمزہ کو ماڈل ٹاؤن یونین کونسل کا کوآرڈینیٹر مقرر کرنے کا نوٹیفکیشن دیا گیا۔ اس موقع پر کئی سماجی و سیاسی رہنماں نے پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ جنہیں پارٹی چیئرمین نے پارٹی پرچم پہنائے۔ اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ نے مزید کہا کہ ہم خدمت کا جذبہ لے کر نکلے ہیں۔ اور بغیر اقتدار کے گزشتہ چار سال سے ہم نے عوام سے رابطہ نہیں توڑا۔ الیکشن کے موسم میں موسمیاتی لیڈرز سامنے آتے ہیں جبکہ ہم شروع سے ہی الیکشن کے فوری بعد سے ہی عوام سے رابطے میں ہیں۔ کارنر میٹنگ منعقد کر رہے ہیں لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کر رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ آج لوگ ہماری پارٹی میں شامل ہو رہے ہیں۔ پارٹی میں شامل ہونے والے عہدے داروں نے کہا کہ ہم پاکستان عوامی قوت پارٹی کے منشور۔ بیانیے اور بغیر اقتدار کے جو کام کیے گئے ہیں ان سے متاثر ہو کے اس ٹیم کا حصہ بنے اور ہم انشاءاللہ کامیابی حاصل کریں گے

بقیہ نمبر 22

پاکستان تحریک شادباد کے صدر سر غلام مصطفی مغل، گوہر حیات خان، ڈاکٹر محمد اشتیاق، ڈاکٹر عدیل شریف اور دیگر نے بھی خطاب کرتے ہوئے پاکستان تحریک شادباد کی خدمات خاص طور پر عوامی بھلائی اور عوام میں شعور اجاگر کرنے کی پالیسیوں کو قابل تعریف قرار دیا اس موقع پر بہت سے بلدیاتی امیدواروں نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ چیئرمین پاکستان تحریک شادباد ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے اس بات کا اعادہ کیا کہ اب عوام کا راج ہوگا۔ ہم عوام کے ساتھ ہیں۔ اور ہم بلدیاتی انتخابات میں سرپرائز دیں گے۔ اس وقت لوگ مہنگائی اور لاقانونیت جیسے مسائل سے دوچار ہیں اور وہ حقیقی تبدیلی چاہتے ہیں۔ اور وہ تبدیلی نعروں سے نہیں عمل سے ہوگی۔ اور ہم وعدے نہیں عمل کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ روزانہ کی بنیاد پر ہماری پارٹی کا حصہ بن رہے ہیں اور ہماری پارٹی میں شامل ہو رہے ہیں

بقیہ نمبر 23

تفصیلات کے مطابق، میٹنگز کے دوران متعلقہ زونز میں جرائم کی صورتحال، جرائم کی روک تھام، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں اور امن و امان کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر افسران کو ہدایت کی گئی کہ جرائم کے انسداد کے لیے مؤثر حکمت عملی اپنائی جائے، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ افسران کو مزید ہدایت کی گئی کہ اپنے اپنے علاقوں میں جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کریں، پولیس گشت کو مزید فعال بنائیں اور عوامی تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں۔ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے پرعزم ہے۔ اس ضمن میں فرائض کی ادائیگی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 24

کہا کہ معاملہ محکمہ اینٹی کرپشن کو بھجوایا جائے تاکہ سرکاری فنڈز کے استعمال، ترقیاتی منصوبوں، ٹیکس وصولیوں اور مختلف ادائیگیوں کے حوالے سے حقائق سامنے آسکیں۔ لیگی رہنماؤں نے کہا کہ گوجر خان کے شہری پینے کے پانی کی قلت جیسے بنیادی مسئلے سے دوچار ہیں، جبکہ بلدیہ کے مالی معاملات میں مبینہ بے ضابطگیوں کے الزامات عوامی وسائل کے استعمال پر سوالات اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کوٹیشن کے ذریعے مکمل کیے گئے مبینہ منصوبوں، مشکوک بلوں اور ادائیگیوں کی جانچ پڑتال کے ساتھ ہر ترقیاتی کام کی موقع پر تصدیق کرائی جائے اور بے ضابطگیاں ثابت ہونے پر ذمہ داروں سے قومی خزانے کو پہنچنے والے نقصان کی وصولی کی جائے۔ انہوں نے بورڈ ٹیکس کی وصولیوں، پانی کے بلوں کی مبینہ جعلی رسیدوں اور کمرشل پلازوں کے نقشوں کی منظوری کے بغیر تعمیرات سے متعلق الزامات کی تحقیقات پر بھی زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ معلوم کیا جائے کہ کمرشل عمارتوں کے مالکان سے وصول کی جانے والی رقوم سرکاری خزانے میں جمع کرائی گئیں یا نہیں اور متعلقہ محکموں نے اپنے فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی غفلت تو نہیں برتی۔ راجہ محمد جاوید اخلاص، راجہ حمید ایڈووکیٹ اور سید ندیم بخاری نے پارکس اسکیم میں سرکاری سامان اور فنڈز کے استعمال، ٹیوب ویلز کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی، مرمتی کاموں اور ٹھیکوں کی الاٹمنٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں کی بھی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے سے تعمیر شدہ منصوبوں پر دوبارہ ٹینڈر جاری کر کے ادائیگیاں کیے جانے کے الزامات اور پرانے ماسٹر پلان کی تجدید کے معاملے کا بھی جائزہ لیا جائے۔ اسی طرح یوم آزادی سمیت دیگر سرکاری تقریبات پر ہونے والے اخراجات کا ریکارڈ بھی جانچا جائے تاکہ سرکاری رقوم کے استعمال میں شفافیت یقینی بنائی جا سکے۔ لیگی رہنماؤں نے حکومت پنجاب اور متعلقہ تحقیقاتی اداروں سے مطالبہ کیا کہ بلدیہ گوجر خان کے گزشتہ کم از کم پانچ سال کے مالی ریکارڈ، ترقیاتی منصوبوں، ٹینڈرز، ٹیکس وصولیوں، سرکاری ادائیگیوں اور دیگر اخراجات کا جامع آڈٹ کرایا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ صرف ایک سال کے آڈٹ تک محدود رہنے کے بجائے تمام متعلقہ ریکارڈ کی جانچ ضروری ہے تاکہ مبینہ مالی بے ضابطگیوں کی نوعیت اور قومی خزانے کو پہنچنے والے ممکنہ نقصان کا تعین ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ تحقیقات میں الزامات ثابت ہونے کی صورت میں ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور عوامی وسائل کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں

بقیہ نمبر 25

علی بادشاہ سرکار سجادہ نشین دربار عالیہ بلاوڑہ شریف سی ڈی اے چیئرمین آفس کمپلیکس سیکٹر G-7/4 اسلام آباد میں منعقد ہوئی، کانفرنس میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ممبران قومی اسمبلی ملک ابرار احمد، بابر نواز خان، سابق وفاقی وزیر تسنیم احمد قریشی، فوکل پرسن وزیر اعظم یوتھ پروگرام سید ذیشان نقوی، پاکستان سویٹ ہومز کے سرپرست اعلیٰ زمرد خان، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء راجہ عمران اشرف، پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری یاسر عرفات بٹ، سی ڈی اے کے ممبرو ترجمان نوازش علی خان عاصم، ڈائریکٹر پبلک ریلیشن شاہد رفیق کیانی، کامران اسلم، چوہدری کامران بخت، نیشنل پریس کلب کے سابق صدر انور رضا، مرزا سعید اختر، صوفی محمود علی، حاجی صابر حسین سمیت اسلام آباد کی سیاسی وسماجی شخصیات، مزدور یونین کے عہدیداران، سی بی اے کمیٹیز کے نمائندگان اور سی ڈی اے کے ہزاروں محنت کشوں نے شرکت کی، اس موقع پر سی ڈی اے مزدور یونین کے قائد چوہدری محمد یٰسین نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مزدور یونین نے ہمیشہ رنگ، نسل اور مذہب سے بالاتر ہو کر ملازمین کی خدمت کی ہے

بقیہ نمبر 26

کارروائی کرتے ہوئے قتل اور اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزمان کو گرفتار کر لیا، گوجر خان پولیس نے چند روز قبل سابقہ دشمنی پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل جبکہ دوسرے کو زخمی کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا، پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع سے ملزمان کو گرفتار کیا، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 27

مرحوم کی پانچویں والد بابا محمد اسحاق مرحوم، کی ساتویں برسی مسز اشتیاق چشتی، مرحومہ مغفورہ اور تمام امت مسلمہ کے ایصال ثواب کے لیے محفل درس قرآن اور لنگر عام کا انعقاد یکم نومبر بروز اتوار بعد نماز ظہر دو بجے نشتر کالونی اشارہ چشتی ہاؤس عمر ٹاؤن حاجی دی کھوئی گورنمنٹ پرائمری سکول کے قریب کیا گیا ہے جس میں عزیز و اقارب دوست احباب، مذہبی، سیاسی، سماجی، شخصیات سمیت علاقہ عوام کثیر تعداد میں شرکت کریں گے آپ سے بھی وقت کی پابندی کا خیال رکھتے ہوئے شرکت کی اپیل ہے

بقیہ نمبر 28

دوران ڈیوٹی و چیکنگ محمد ممتاز سکنہ خالق آباد سے 30 بور پسٹل معہ 05 ضرب کارتوس برآمد کر کے اسے حسب ضابطہ گرفتار کر کے تھانہ صدر جوہر آباد میں ایف آئی آر نمبر 638/26 رجسٹر کرا کر حوالات میں بند کیا دوسری کارروائی میں انچارج پٹرولنگ پوسٹ پل دریائے جہلم سب انسپکٹر صفی اللہ، اسسٹنٹ سب انسپیکٹر امیر سلطان ہمراہ ٹیم نے دوران ڈیوٹی محمد ریاض سکنہ خوشاب سے 15 لیٹر شراب برآمد کر کے تھانہ خوشاب میں ایف آئی ار نمبر 772/26 رجسٹر کرا کر حوالات میں بند کیا افسران کی جانب سے انچارج پٹرولنگ پوسٹ خالق آباد، پل دریائے جہلم ہمراہ ٹیم کو اچھی ڈیوٹی کرنے پر شاباش اور تعریفی اسناد سے نوازا۔

بقیہ نمبر 29

نیول جمنازیم، ای-8، بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد کے قریب کامیابی سے منعقد ہوئی۔ ایک روزہ اس قومی کھیلوں کے ایونٹ میں پاکستان کے مختلف علاقوں سے تقریباً 200 کراٹے کھلاڑیوں نے شرکت کی اور اپنی صلاحیتوں، فنی مہارت اور کھیل کے جذبے کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ چیمپئن شپ میں پاکستان بھر سے کھلاڑیوں اور ٹیموں نے حصہ لیا۔ اس قومی مقابلے کا بنیادی مقصد پاکستان میں شوتوکان کراٹے کا فروغ، نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی، نئے ٹیلنٹ کی شناخت اور ملک بھر کے کرائے کلبوں، کوچز اور کھلاڑیوں کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز ایونٹ کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول سے کیا گیا۔ ایس کے آئی ایف پاکستان کے قائم مقام صدر سینسی عطا الرحمان، بلیک بیلٹ، نے شرکاء کو خوش آمدید کہا اور چیمپئن شپ میں شرکت کرنے والی ٹیموں، کھلاڑیوں کوچز، مہمانوں اور آفیشلز کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ایس کے آئی ایف پاکستان کے صدر سینسی قاسم سلیمان کا پیغام بھی شرکاء تک پہنچایا گیا، جبکہ اسٹیج سیکریٹری کے فرائض سینسی شبیر احمد نے انجام دیے۔ تقریب میں کرائے کے فروغ، نوجوانوں کی مثبت سرگرمیوں میں شمولیت اور کھیلوں کے ذریعے نظم و ضبط، خود اعتمادی، برداشت اور باہمی احترام کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔
جے پی الیکٹرک بائیکس کی مرکزی اسپانسرشپ
اس قومی چیمپئن شپ میں جے پی الیکٹرک بائیکس (Electric Bikes(IP)) نے مرکزی اسپانسر کی حیثیت سے تعاون فراہم کیا۔ نجی شعبے کی جانب سے کھیلوں کی سرپرستی نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کے مواقع فراہم کرنے اور قومی سطح کے کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ جے پی الیکٹرک بائیکس کے نمائندے جناب راشد محمود صاحب نے ایونٹ میں شرکت کی اور اختتامی تقریب کے دوران انعامات کی تقسیم میں حصہ لیا۔ منتظمین نے مرکزی اسپانسر کے تعاون کو سراہا اور کھیلوں کے فروغ کے لیے نجی اداروں کی معاونت کی اہمیت کو اجاگر کیا

بقیہ نمبر 30

تعمیراتی کاموں پر پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ کے مطابق ضلع راولپنڈی میں مجموعی طور پر 21 ترقیاتی اسکیموں کی نشاندہی کی گئی ہے، جن کا تخمینہ لاگت 6 ارب 52 کروڑ روپے سے زائد ہے، جبکہ ان میں سے 18 اسکیموں کی منظوری دی جا چکی ہے۔ ان منصوبوں کے لیے 7 ارب 50 کروڑ روپے کے فنڈز دستیاب ہیں۔ اجلاس میں شہر کی اہم شاہراہوں کی تعمیر و بحالی اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ ان میں خیابان سرسید روڈ، بوکرہ روڈ، ففتھ روڈ، راول روڈ، چاندنی چوک تا کمرشل مارکیٹ روڈ، ریلوے ورکشاپ روڈ، چائنا مارکیٹ تا گورڈن کالج روڈ، فور بی روڈ اور بند کھنہ روڈ سمیت دیگر منصوبے شامل ہیں۔ اس کے علاوہ تحصیل ٹیکسلا، کلر سیداں، گوجر خان اور کہوٹہ میں مختلف رابطہ سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے منصوبوں پر پیش رفت بھی زیر بحث آئی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام متعلقہ افسران اور کنٹریکٹرز مقررہ ٹائم لائن کے مطابق کام کی تکمیل یقینی بنائیں اور منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے، تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور فنڈز کے مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جائے۔ جہاں ٹینڈرنگ یا دیگر انتظامی مراحل زیر تکمیل ہیں، انہیں بلاوجہ التوا میں نہ رکھا جائے بلکہ تمام ضروری کارروائی بروقت مکمل کی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ متعلقہ محکمے باہمی رابطے کے ذریعے کام میں حائل رکاوٹیں فوری دور کریں اور پیش رفت سے متعلق باقاعدہ رپورٹ پیش کریں تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات اور معیاری بنیادی ڈھانچے کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔

بقیہ نمبر 31

گاڑی نمبر 4436 داوکھن کے قریب حادثے کا شکار ہو کر الٹ گئی گاڑی میں سوار بعض افراد کو معمولی چوٹیں آئیں، زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد، مرہم پٹی کے بعد گھر روانہ کر دیا گیا، حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔۔۔۔۔ چناری (صباح نیوز) ڈپٹی کمشنر جہلم ویلی عفت اعظم کی ہدایت پر نائب تحصیلدار ہٹیاں بالا نے چناری بازار میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے موجودہ شیلٹر ہٹوا کر اس کی جگہ عوامی سہولت کے لیے ویٹنگ شیڈ نصب کروا دیا۔ تفصیلات کے مطابق چناری بازار آنے والے شہریوں کو انتظار کے لیے مناسب جگہ کی فراہمی، عوامی سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے نائب تحصیلدار نے ویٹنگ شیڈ نصب کروا دیا، ضلعی انتظامیہ جہلم ویلی کے مطابق شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی، عوامی مسائل کے حل، بازاروں میں عوامی مفاد کے اقدامات کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات جاری رہیں گے، نائب تحصیلدار ہٹیاں بالا نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر جہلم ویلی عفت اعظم کی ہدایات کی روشنی میں عوامی سہولت، فلاح و بہبود کے لیے دیگر اقدامات بھی کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 32

درجہ بندی میں نمبر 1 قرار دیا گیا ہے۔ یہ اعزاز کمپنی کی جانب سے ضابطہ جاتی تقاضوں پر عمل درآمد اور ٹیلی کام کے شعبے میں قیمتی ڈیٹا اور بنیادی ڈھانچے کے تحفظ کے لیے مسلسل کوششوں کا اعتراف ہے۔ وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام، شزہ فاطمہ خواجہ نے پی ٹی ایم ایل کے چیف ٹیکنالوجی آفیسر، اویس وہرہ اور چیف کارپوریٹ افیئرز آفیسر، شان حق کو تقریب کے دوران ایوارڈ پیش کیا۔ تقریب میں اعلیٰ حکومتی عہدیداران، چیئرمین پی ٹی اے اور ٹیلی کمیونی کیشن و ٹیکنالوجی کے شعبے سے اعلیٰ رہنماؤں نے شرکت کی۔
یہ ایوارڈ پی ٹی اے نے ایک جامع آڈٹ اور دوبارہ توثیق کے عمل کے بعد دیا، جس کے دوران اہم ٹیلی کام ڈیٹا اور انفراسٹرکچر سیکیورٹی ریگولیشنز (CTDISR) کے تحت ٹیلی نار پاکستان نے ٹیلی کام کے شعبے میں ضابطوں کی تعمیل میں سبقت حاصل کی۔ یہ اسکور کمپنی کے سائبر سیکیورٹی گورننس کے نظام میں تسلسل اور اپنے تمام آپریشنز میں مضبوط سیکیورٹی معیار برقرار رکھنے کے حوالے سے کمپنی کی کوششوں کا عکاس ہے۔
ٹیلی کمیونی کیشن نیٹ ورکس جیسے جیسے ایک تیزی سے باہم مربوط ہوتی ہوئی ڈیجیٹل معیشت کی بنیاد بن رہے ہیں، اہم بنیادی ڈھانچے کو محفوظ بنانا اور ڈیٹا کا تحفظ ڈیجیٹل خدمات کی قابل اعتماد فراہمی اور ان کی پائیداری برقرار رکھنے کے لیے ناگزیر ہو گیا ہے۔ یوفون اور ٹیلی نار پاکستان کی جانب سے اس شعبے میں مسلسل کوششیں ٹیلی کام کے شعبے لیے ایک قابل تقلید مثال ہیں۔
اس کامیابی پر تبصرہ کرتے ہوئے پی ٹی ایم ایل کے چیف ٹیکنالوجی آفیسر، اویس وہرہ نے کہا، "ہمارے جیسے انتہائی مربوط معاشرے میں سائبر سیکیورٹی اعتماد کے حصول کی بنیادی شرط ہے۔ مسلسل تین سال تک پہلی پوزیشن برقرار رکھنے پر ہمیں بے حد خوشی ہے۔ یہ اعزاز ہمارے مضبوط سیکیورٹی معیار، ضابطہ جاتی تقاضوں پر عمل درآمد اور ٹیلی کام کے اہم ڈیٹا اور بنیادی ڈھانچے کے تحفظ کے لیے ہماری کوششوں کا اعتراف ہے۔ ہم ملک میں زیادہ محفوظ اور مستحکم ڈیجیٹل ماحول کے فروغ میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔" یہ ایوارڈ پاکستان کے ٹیلی کمیونی کیشن شعبے میں اعتماد کو مضبوط بنانے کے حوالے سے سائبر سیکیورٹی کی وسیع تر اہمیت کو اجاگر کرتا ہے، کیونکہ ڈیجیٹل رابطہ کاری ملک بھر میں کاروباری اداروں، تنظیموں اور صارفین کی روزمرہ زندگی میں تیزی سے مرکزی حیثیت اختیار کر رہی ہے

بقیہ نمبر 33

ساتھ دیا، پاکستان اور ترکیہ دو جان ایک قالب ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے ترکیہ کے 103 ویں یوم جمہوریہ پر ترکیہ کے سفیر کی رہائش گاہ پر عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اقتصادی، تجارتی تعلیمی ثقافتی اور دفاعی شعبوں میں اشتراک عمل ہے۔ آج اسلام اباد میں چاند تاروں کے جھرمٹ میں ہم ترکیہ کا 103 ویں یوم جمہوریہ منا رہے ہیں، پاکستانی حکومت اور عوام کی جانب سے ترک صدر اردوان، حکومت اور عوام کو مبارک باد پیش کرتے ہیں، ترکیہ نے غازی مصطفی کمال پاشا اور قائدین کی قیادت میں جمہوریہ قائم کی اور آج ترکیہ دفاعی ٹیکنالوجیز اور دیگر شعبوں میں قائدانہ کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترکیہ اور پاکستان کے تعلقات پاکستان کے قیام سے بھی قدیم ہیں، تحریک خلافت کے دوران برصغیر کی ماؤں نے اپنے زیورات پیش کیے، دہائیوں بعد جب زلزلے نے پاکستان کو ہلا کر رکھ دیا تو ترکیہ پاکستان کی امداد کو آنے والا پہلا ملک تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ تباہ کن سیلابوں میں ترک صدر رجب طیب اردوان نے پاکستان کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا، ترک خاتون اول امینے اردوان نے اپنا نیکلس سیلاب متاثرین کی امداد کے لیے دیا، ترک عوام نے بھی انقرہ، استنبول اور اناطولیہ میں اپنے رہنماؤں کی کال پر پاکستانیوں کے لیے دل کھول دیے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سو برس قبل کی تحریک خلافت اور زلزلے اور سیلاب پر ترکیہ کی امداد وقت کے ایک ہی لمحے، گزشتہ برس معرکہ حق کے دوران جب پاکستان کے خلاف جارحیت کی گئی تو ترکیہ ہمارے ساتھ آ کھڑا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی، تعلیم، ثقافت اور دفاعی تعاون میں دونوں ممالک کا اشتراک ہے، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ علاقائی سلامتی اور دفاع کا عکاس ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ جولائی میں استنبول میں میں نے کراچی میں طیب اردوان اکنامک زون کے قیام کا اعلان کیا تھا، پاکستان ترکیہ ایک دل دو روحیں ہیں۔ ترکیہ سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اولو نے عشائیے سے خطاب میں کہا کہ تاریخ میں ہمیشہ پاکستان اور ترکیہ کی قومیں اکٹھی رہی ہیں، پاکستان کو چوٹ پر ترکیہ درد محسوس کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ہدف تاریخی تعلقات کو ایک پائیدار اسٹریٹجک شراکت داری میں بدلنا ہے، جس کی ایک شان دار مثال مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ ہے، سفیر عرفان نذیر اولو نے اس موقع پر ترک صدر رجب طیب اردوان کا خصوصی پیغام بھی پڑھ کر سنایا۔ قبل ازیں دونوں ممالک کے قومی ترانے بجائے گئے، مہمانوں نے مشترکہ طور پر کیک بھی کاٹا اور عشائیے میں خصوصی طور پر موسیقی کا انتظام کیا گیا تھا، جس کو شرکا نے بے حد سراہا۔

بقیہ نمبر 34

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں کل مولانا فضل الرحمان کی تقریر کے دوران موجود نہیں تھا، قائد حزب اختلاف نے کہا کہ اس پارلیمنٹ کو طاقتور بنائیں، انھوں نے کہا سارے فیصلے اس پارلیمان میں ہونے چاہیں، میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کا کردار اس میں اہم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جو اپوزیشن کا کردار ہے ہاؤس کو فعال کرنے میں ان کو کردار ادا کرنا ہوگا، جو لوگ چاہتے ہیں پارلیمان فعال نہ ہو ان کا مقصد پورا ہو چکا ہے آپ کو مبارک ہو، کمیٹیوں میں نہ بیٹھنے کے فیصلے سے پارلیمان کمزور ہوا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اگر قائد حزب اختلاف واقع ہی سنجیدہ ہیں تو ان سے درخواست ہے کہ خان صاحب نے جو اختیار ان کو دلوایا ہے اس کو استعمال کریں، انتخابی اصلاحات کمیٹی کی حد تک تو اپوزیشن لیڈر اپنے اختیارات استعمال کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر آپ چاہتے ہیں آنے والے انتخابات میں دھاندلی والے ایشو کو بہتر کیا جائے تو پی ٹی آئی کے اراکین اس میں شامل ہوں، سیکیورٹی، معیشت اور خطے کی صورتحال سے متعلق آنے والے دنوں میں پاکستان کو مشکلات کا سامنا ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ وزراء اس ہاؤس کو پورے طریقے سے بریف کریں اور بتائیں کہ کیا مشکلات ہیں، بتائیں کہ ایران والے معاملے میں پاکستان کو کیا نقصان ہو سکتا ہے، دفاعی معاہدوں اور دہشگردی والے ایشو پر بریف کیا جائے، انتخابی اصلاحات، دہشگردی اور دفاعی معاہدوں سے متعلق بریفنگ میں آپ کے نمائندے نہیں ہونگے تو کیا فائدہ۔

بقیہ نمبر 35

وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ایئرپورٹس پر سفری سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے بین الاقوامی شہرت یافتہ اداروں کی خدمات لی جائیں، ہوائی اڈوں پر مسافروں کو سہولت فراہم کرنے والے افسران و عملے کو اعلی سروس ڈیلیوری کی باقاعدہ تربیت فراہم کی جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہوائی اڈوں پر موجود مختلف اداروں کے درمیان روابط کو مزید بہتر بنایا جائے اور مسافروں کی سہولت کو ہر حال میں مقدم رکھا جائے، ہوائی اڈوں پر مسافروں کے لیے بہترین کیٹررز کی خدمات لی جائیں اور کھانے پینے کی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملک کے بڑے شہروں میں ہوائی اڈوں کی توسیع اور ہوائی اڈوں پر مسافروں کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے اجلاس آج اسلام آباد میں منعقد ہوا۔

بقیہ نمبر 36

نہیں تھا، ان کو اس لئے علم نہیں تھا کہ کیونکہ دفاع سے متعلق بات نہیں ہوئی، وزیر اعظم نے خصوصی ٹاسک دیا اس لئے گیا، مجھے باہر جانے کا شوق نہیں ہے، مولانا صاحب نے اداروں کے حوالے سے غلاضت کہی۔ کامران مرتضی نے وزیر داخلہ کے الفاظ پر اعتراض کیا، محسن نقوی نے کہا کہ جب تک یہ ریاست سے مال لے لیں ریاست اچھی ہوتی ہے، جب مال نہ ملے تو پھر خلاف ہو جاتے ہیں، یہ تنقید کرتے ہیں تو جواب سننے کا حوصلہ بھی رکھیں، یہ اسلام کو بزنس کے لئے اور سیاست کے لئے استعمال کرتے ہیں

بقیہ نمبر 37

کے خلاف لانگ مارچ کی تیاریوں اور انتظامات کے سلسلے میں مشاورتی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ، ڈپٹی سیکرٹری سید وقاص جعفری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری، امیر جماعت اسلامی کے معاون خصوصی عمیر ادریس اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ یاد رہے کہ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے لانگ مارچ کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے نائب امیر میاں محمد اسلم کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دے دی ہے، صوبائی امراء کمیٹی کے ممبرز ہیں

بقیہ نمبر 38

کرتے ہیں اور غیر ملکی مہمانوں کو ملتان کی مشہور بلیو پوٹری بطور تحفہ پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آذربائیجان کے صدر نے بھی ملتان سے تاریخی تعلق کا ذکر کرتے ہوئے انہیں بتایا تھا کہ ان کے اعزاز میں تاریخی مقام ''کاروان ملتان'' کا نام تبدیل نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ملتان کے تاجر ماضی میں مختلف ممالک میں جا کر کاروبار کرتے تھے، جو شہر کی تاریخی تجارتی اہمیت کا ثبوت ہے۔ ملتان کی بلیو پوٹری کی نمائش لندن میں بھی منعقد ہو چکی ہے۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان کی نوجوان آبادی ملک کا ایک بڑا اثاثہ ہے، تاہم نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اور ان کی مہارتوں میں اضافہ ناگزیر ہے۔ وہ بین الاقوامی دوروں اور غیر ملکی قیادت سے ملاقاتوں میں پاکستانی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر زور دیتے ہیں۔

بقیہ نمبر 39

جو قابل قبول نہ ہوں اور جن سے لوگوں کے جذبات مجروح ہوتے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اختلاف رائے اور دلائل پیش کرنے کا حق سب کو حاصل ہے تاہم بعض حدود کا خیال رکھنا ضروری ہے تاکہ کسی کے جذبات کو ٹھیس نہ پہنچے

بقیہ نمبر 40

ہوئے ناکہ بندی کی کوشش کی، سیکیورٹی فورسز نے فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب کیا، اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشت گرد ہلاک ہو گیا۔

بقیہ نمبر 41

عسکری صلاحیتوں کے خلاف 749 ٹارگٹڈ کارروائیاں کی ہیں جن میں 239 حوثی کمانڈروں اور جنگجوؤں کو ہلاک کر دیا گیا ہے۔ مسلح افواج کے ترجمان کرنل ماجد النزیلی نے بیان میں بتایا کہ ان کارروائیوں کے دوران حوثیوں کے فیلڈ کمانڈ سینٹرز، قلعہ بندیوں، توپ خانے کے ٹھکانوں اور نقل و حرکت و رسد کیلئے استعمال ہونے والی گاڑیوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا گیا۔

بقیہ نمبر 42

لئے تحقیقات جاری ہیں اور ان کے اہل خانہ انصاف کے حصول کے لئے کوشاں ہیں۔ بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے کہا کہ مرحومہ کے اہل خانہ اس معاملے کی مکمل اور باریک بینی سے تحقیقات کو یقینی بنانے کے لیے ایک عدالتی کمیشن کے قیام کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ آصفہ بھٹو زرداری نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ ان کے مطالبہ پر مناسب غور کیا جائے گا اور مقدمہ کے تمام پہلوؤں کی منصفانہ اور شفاف انداز میں تحقیقات کی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 43

کے مطابق ستمبر 2026 میں پیٹرول کی طلب 6 لاکھ 92 ہزار ٹن متوقع تھی، جسے پورا کرنے کے لیے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے ذریعے 5 لاکھ 11 ہزار ٹن پیٹرول درآمد کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی تھی۔ اسی ماہ ڈیزل کی درآمدات کی کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی، کیونکہ ملکی ذخائر اور ریفائنریوں کی متوقع پیداوار ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی تھی۔

بقیہ نمبر 44

ڈریپ ذرائع نے بتایا کہ ڈرگ اتھارٹی نے خفیہ اطلاع پر لاہور کی مارکیٹ میں کارروائی کرتے ہوئے جعلی فلوویکسین کی بھاری مقدار قبضے میں لے لی۔

بقیہ نمبر 45

گیا ہے۔ ترجمان پی ٹی اے نے صارفین کو ہدایت کی ہیکہ وہ اپنی موبائل سمز کی فعالیت کی تصدیق کریں اور اگر اپنا موبائل نمبر تبدیل کر چکے ہیں تو واٹس ایپ پر بھی نیا نمبر اپ ڈیٹ کریں۔ پی ٹی اے کا کہنا ہے کہ صارفین اپنے واٹس ایپ اکاؤنٹس صرف ایسے موبائل نمبرز پر رجسٹرڈ رکھیں جو انکے زیر استعمال ہوں، تاکہ اکائنٹس کے ممکنہ غلط استعمال سے بچا جا سکے۔

بقیہ نمبر 46

پر زیر غور لایا جائے۔ ایوان نے تحریک کی منظوری دے دی۔ بعد ازاں وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے بل کی منظوری کے لیے تحریک پیش کی جسے ایوان بالا نے منظور کر لیا۔

بقیہ نمبر 47

کھڑا کرنا چاہتی ہے، ہمیں اس سازش کو ناکام بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے استنبول میں اتحاد العالمی للعلماء المسلمین کے زیر اہتمام بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں ترکی سمیت دنیا بھر سے 200 سے زائد مسلم سکالرز، علماء کرام اور اہم شخصیات شریک ہیں۔ دو روزہ کانفرنس سے ترکی سے ڈاکٹر محمد گورمز، سوڈان سے ڈاکٹر عصام البشیر، موریطانیہ سے شیخ محمد الحسن الددو، اردن سے شیخ ہمام سعید، انڈونیشیا ڈاکٹر سالم الجفری، اور لیبیا سے شیخ علی الصلابی اور دیگر کئی سکالرز، علماء اور دینی سیاسی تحریکوں کے راہنماؤں نے خطاب کیا۔

بقیہ نمبر 48

ڈرون کو روک کر تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایرانی خبر رساں اداروں کے مطابق ڈرون کو پاسداران انقلاب کے ایرو اسپیس ڈویژن نے مربوط فضائی دفاعی نیٹ ورک کے تحت کام کرنے والے جدید فضائی دفاعی نظام کی مدد سے نشانہ بنایا۔ ایرانی خبر رساں ایجنسی ارنا کے مطابق پاسداران انقلاب کی ویب سائٹ پر جمعرات کو جاری بیان میں کہا گیا کہ تباہ کیا جانے والا یہ جدید نوعیت کا 14 واں ایم کیو ون ڈرون ہے

بقیہ نمبر 49

گیا ہے اور متاثرہ عمارت سے باہر کسی آلودگی کی اطلاع نہیں ملی۔ ترک خبر رساں ادارے اناطولو ایجنسی کے مطابق امریکی محکمہ توانائی کی سوانا ریور سائٹ نے بدھ کی شام مقامی وقت کے مطابق 5 بج کر 39 منٹ پر تنصیب کے اندر ہنگامی حالت کا اعلان کیا۔ یہ تنصیب جنوبی کیرولائنا میں شہر ایکن کے قریب واقع ہے۔ تنصیب کی انتظامیہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ سوانا ریور نیشنل لیبارٹری میں آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا تھا، تاہم بعد میں آگ بجھا دی گئی۔ حکام کے مطابق متاثرہ عمارت سے باہر کسی آلودگی کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ اس سے قبل انتظامیہ نے کہا تھا کہ تنصیب میں ایک واقعہ پیش آیا ہے جس کے باعث ہنگامی ردعمل کی کارروائیاں شروع کر دی گئی ہیں۔ امریکی وفاقی ادارے فیڈرل ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن (ایف اے اے) نے بھی اس مقام پر امریکی حکومت کے ایک جوہری واقعے کا حوالہ دیتے ہوئے عارضی فضائی پابندی نافذ کر دی۔ تاہم حکام نے تاحال آگ لگنے کی وجہ، کسی ممکنہ مادے کے اخراج کی نوعیت یا مقدار، اور کسی شخص کے زخمی ہونے سے متعلق تفصیلات جاری نہیں کیں۔ سوانا ریور سائٹ امریکی اسلحہ جاتی نظام کی اہم تنصیبات میں شمار ہوتی ہے اور اس کی ویب سائٹ کے مطابق یہ 75 برس سے زائد عرصے سے امریکی فوج کے تزویراتی دفاعی مشن کی معاونت کر رہی ہے

بقیہ نمبر 50

ہے، اور یہ 2027 میں سنگاپور کی جانب سے آسیان (ASEAN) کی صدارت سنبھالنے سے قبل عمل میں آ رہا ہے۔ دورے کے دوران نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اور وزیر خارجہ بالا کرشنن کے مابین دو طرفہ مذاکرات ہوں گے جن میں پاکستان اور سنگاپور کے تعلقات کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیا جائے گا۔ وہ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کریں گے

بقیہ نمبر 51

دوران اپنے پہلے بیان میں اسرائیل میں تبدیلی لانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 52

لیا جائے گا جس کے لیے محکمہ قانون نے قوانین کا جائزہ لینے کے لیے کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کمیٹی 7 روز میں اپنی سفارشات متعلقہ حکام کو پیش کرے گی

بقیہ نمبر 53

2 نے یہ فیصلہ 2024 کی جولائی عوامی تحریک کے دوران ضلع کشتیا میں 6 افراد کے قتل سے متعلق مقدمے میں سنایا

بقیہ نمبر 54

گیا تھا، اسٹیٹ کونسل عاطف محمود کی جانب سے گواہان پر جرح کی گئی۔ پراسیکیوشن کی جانب سے مجموعی طور پر کیس میں 7 گواہان کو پیش کیا گیا تھا۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف 25 اکتوبر 2024ء کو مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 55

منتقل کر دیا گیا تھا، آر پی او غلام مبشر میکن، ڈی پی او ضیاء الدین اور سیکیورٹی حکام کی کوششوں، سرچ آپریشنز اور متعلقہ حلقوں کی مشترکہ کاوشوں کے بعد 11 ملازمین کی رہائی عمل میں آئی۔ ازیاب ملازمین میں وحید اللہ (کیمیکل آپریٹر)، بلال (فلٹر آپریٹر)، نعمان اور عنصر (لیب اینالسٹس)، عبدالرشید (مالی)، خلیل (کیمیکل ملر)، سہیل (ٹیلیفون آپریٹر)، ثناء اللہ (ڈرائیور)، ذیشان (ہیلپر آپریٹر)، شعیب (سائکو ہیلپر) اور وقار (اے سی ٹیکنیشن) شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 56

میں کہا گیا کہ پاکستانی وفد کی سربراہی ممبر کسٹمز آپریشنز شکیل شاہ نے کی۔ گرین چینل کے تحت اہل کھیپ کی ترجیحی بنیادوں پر پراسسنگ یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 57

خدشہ ہے، جبکہ پاکستان میں مالی سال 27-2026 کے دوران کپاس کی پیداوار 6 فیصد کم ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ عالمی بینک کی جانب سے جاری کردہ اجناس کی قیمتوں سے متعلق رپورٹ کموڈیٹی آؤٹ لک کے مطابق 2026 کے دوران عالمی اجناس کی قیمتوں میں مجموعی طور پر 23 فیصد اضافے کا امکان ہے

بقیہ نمبر 58

تعاون اور دفاعی خود انحصاری کو فروغ دینے کے لیے مکہ دفاعی اتحاد میں خلیجی ممالک سمیت دیگر مسلم ممالک کی بتدریج شمولیت ناگزیر ہے۔

اسلام آباد، ISSI میں نائیجیریا کے قومی دن پر تقریب میں مقررین خطاب کر رہے ہیں

کرکٹ کے کھلاڑیوں کی ہر سطح پر حوصلہ افزائی کرتے رہیں گے: زاہد بھٹی

تمام ٹورنامنٹس کو اسپانسر کرنے پر میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے مشکور ہیں: علی حسین

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ووڈورڈز ٹرافی انڈر 17 انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ کی شاندار اختتامی تقریب اور تقسیم انعامات کے موقع پر میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر زاہد حسین بھٹی نے کہا ہے کہ وہ کرکٹ کے کھلاڑیوں کی ہر سطح پر حوصلہ افزائی کرتے رہیں گے۔ انہوں نے مزید کہا جب وہ خود کرکٹ

کھیلا کرتے تھے، اس وقت سے ان کے ادارے کے چیئرمین خلیل احمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

بچوں کے تحفظ کے لیے ملک گیر آگاہی مہم شروع

تشدد، بدسلوکی اور استحصال کی روک تھام کے لیے مؤثر نظام بنانے پر زور

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پائیدار سماجی ترقی کی تنظیم (SSDO) نے پارلیمانی کاکس آن چائلڈ رائٹس (PCCR) اور اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (IRI) کے اشتراک سے بچوں کے تحفظ کے لیے آگاہی مہم کا آغاز کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

پارلیمانی کاکس آن چائلڈ رائٹس (PCCR) اور اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (IRI) کے اشتراک تقریب کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

راولپنڈی پولیس کالج سہالہ تربیتی کورس کا اختتام، افسران میں اسناد تقسیم

متاثرین کے وقار کو برقرار رکھتے ہوئے تفتیش مکمل کریں تاکہ مجرمان کیفر کردار تک پہنچ سکیں، کمانڈنٹ سہالہ اشفاق خان

پی ایچ پی ٹی اے ایس آئی کے 137 پولیس افسران کے اعزاز میں تقریب، پاسنگ آؤٹ پریڈ، مبارکباد پیش، نیک خواہشات

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پولیس کالج سہالہ راولپنڈی میں پی ایچ پی ٹی اے ایس آئی پولیس افسران کا نو ماہ پر مشتمل کورس مکمل ہو گیا۔ اس حوالے سے پولیس کالج سہالہ میں کورس کے اختتام پر پاسنگ آؤٹ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں کمانڈنٹ سہالہ کالج اشفاق احمد خان نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ کورس کمانڈر ایس پی ناصر علی خان نے تربیت یافتہ افسران سے حلف لیا۔ کورس مکمل کرنے والوں میں 137 افسران شامل ہیں۔ مہمان خصوصی کو سلامی پیش کی گئی۔ تقریب میں کورس مکمل کرنے والے افسران نے مختلف مہارتوں کا مظاہرہ کیا۔ کمانڈنٹ سہالہ کالج اشفاق احمد خان نے پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کورس کی تکمیل پر افسران، کورس کمانڈر کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

ISSI میں نائیجیریا کے قومی دن پر تقریب کا انعقاد

دونوں ملکوں میں مختلف شعبوں میں بہتر تعاون کے بے پناہ امکانات موجود، محمد عمران

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان میں نائیجیریا کے ناظم الامور، محمد یاساؤ نے نائیجیریا اور پاکستان پر زور دیا کہ وہ اپنے دیرینہ تاریخی تعلقات سے آگے بڑھ کر ایک متحرک اور مستقبل نگر اسٹریٹیجک شراکت داری کی جانب بڑھیں۔ انہوں نے باہمی اعتماد اور مشترکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

بلدیہ گوجرخان میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کی نشاندہی، آڈٹ کا مطالبہ

منصوبوں، مشکوک بلوں اور ادائیگیوں کی جانچ پڑتال کے ساتھ ہر ترقیاتی کام کی موقع پر تصدیق کرائی جائے

پرانے ماسٹر پلان کی تجدید کے معاملے کا بھی جائزہ لیا جائے، معاملہ اینٹی کرپشن کے سپرد کیا جائے، راجہ جاوید اخلاص

گوجرخان (بیورو رپورٹ) سابق رکن قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری راجہ محمد جاوید اخلاص، مسلم لیگ (ن) کے تحصیل صدر راجہ حمید ایڈووکیٹ اور سٹی صدر سید ندیم بخاری نے بلدیہ گوجرخان کے مالی و انتظامی معاملات کی جامع تحقیقات اور گزشتہ پانچ سال کا خصوصی آڈٹ کرانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک سالہ آڈٹ میں سامنے آنے والی مبینہ مالی بے ضابطگیوں کی غیر جانبدارانہ تحقیقات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

پاکستان اور (ساڈک) کے درمیان تجارت بڑھانے پر اتفاق

منتخب مصنوعات اور ملکوں کے لیے ابتدائی کاروباری ملاقاتیں کرانے کی بھی تجویز

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان اور جنوبی افریقی ترقیاتی برادری (ساڈک) کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری سے متعلق اجلاس میں کاروباری تعلقات مضبوط بنانے کے نئے مواقع پر بات کی گئی۔ اس میں ایک دوسرے کی منڈیوں تک رسائی آسان بنانے، خریداروں اور سپلائرز کو آپس میں ملانے اور مختلف شعبوں میں کاروباری شراکت داری بڑھانے پر زور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

پاکستان چیپٹر کے زیر اہتمام منعقدہ پہلی افریقہ سفارتی و اقتصادی کانفرنس کے موقع پر وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال، فیڈریشن کے سرپرست اعلیٰ دیوان محمد یوسف فاروقی، چیرمین محمد رفیق میمن، و دیگر کا گروپ فوٹو

صحافی عوامی مسائل اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، سینیٹر طلحہ محمود

جرنلسٹس و میڈیا ورکرز کیلئے وزیر اعظم ہیلتھ انشورنس اسکیم کا جلد اجراء ہوگا، اشفاق خلیل

میڈیا انڈسٹری سے وابستہ کارکنوں کی خدمات تسلیم کرتے ہیں، رئیسہ عادل

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) آل پاکستان نیوز پیپرز اینڈ الیکٹرانک میڈیا ایمپلائز کنفیڈریشن (اپینک) گلگت بلتستان چیپٹر کے نومنتخب عہدیداروں کی تقریبِ حلف برداری نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں منعقد ہوئی، جس میں سینیٹ کی دفاعی کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر طلحہ محمود، وفاقی سیکرٹری اطلاعات و نشریات اشفاق احمد خلیل اور پرنسپل انفارمیشن آفیسر محترمہ رئیسہ عادل نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

گوجرخان، 14 سالہ دوشیزہ سے زیادتی کا ملزم گرفتار

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان پولیس کی کاروائی، 14 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والے ملزم کو تحویل میں لے لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 14 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والے ملزم کو تحویل میں لے لیا، مدعی مقدمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

آئی سی سی ٹھنڈا پانی لہتراڑ روڈ پر (ہدف کا تعین اور حصول) پر خصوصی لیکچر کا انعقاد

اسلام آباد (پ ر) آئی سی سی ٹھنڈا پانی لہتراڑ روڈ پر (ہدف کا تعین اور حصول) پر خصوصی لیکچر کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں چیئرمین کیریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز جاوید انتظار نے نویں جماعت کی طالبات کو خصوصی لیکچر دیتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

گوجرخان، دکانوں سے لاکھوں روپے چوری کر لیے گئے

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان میں چوری کی دو الگ وارداتوں کے دوران دکانوں سے لاکھوں روپے چوری کر لیے گئے، پولیس نے مقدمات درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی تفصیلات کے مطابق گوجر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پشاور: تجاوزات آپریشن جاری، انتظامیہ نے دیگر مسائل پر آنکھیں بند کر لی

نانبائیوں کے خودساختہ اور ایل پی جی مافیا کے من مانے نرخ، شہری پریشان حال

پشاور (نمائندہ شہرنامہ) پشاور میں تجاوزات کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی کارروائیوں کو شہریوں کی جانب سے سراہا جا رہا ہے، تاہم شہریوں کا کہنا ہے کہ تجاوزات کے خاتمے کے ساتھ ساتھ روزمرہ زندگی سے جڑے دیگر عوامی مسائل پر بھی توجہ دینا ضروری ہے۔ شہریوں کے مطابق ایک طرف گھریلو ایل پی جی سلنڈروں کی فروخت میں مبینہ طور پر من مانے نرخ وصول کیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

سی ڈی اے مزدور یونین یٰسین گروپ کے زیر اہتمام ختم نبوت ﷺ کانفرنس

ہر سال اللہ تعالیٰ کے پیارے حبیب کا میلاد مناتے ہیں، سیکرٹری جنرل سی بی اے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) چوہدری محمد یٰسین گروپ کے زیر اہتمام سالانہ تاجدار ختم نبوت ﷺ کانفرنس زیر صدارت حق خطیب حسین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد، چوہدری یاسین، صاحبزادہ حق خطیب کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب دو ملزمان گرفتار

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان پولیس کی کاروائی، قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب دو ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

اشفاق چشتی میواتی کی اہلیہ کی پہلی برسی پر ایصال ثواب کی محفل یکم نومبر کو ہوگی

لاہور (پ ر) خادم میوات و سینیئر صحافی پاکستان مسلم لیگ نشتر ٹاؤن کے میڈیا کوآرڈینیٹر محمد اشفاق چشتی میواتی کی اہلیہ مرحومہ مغفورہ کی پہلی اور چھوٹے بھائی رضوان چشتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

خالق آباد، ملزم سے اسلحہ و 5 ضرب کارتوس برآمد

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) ایس پی پٹرولنگ سرگودھا ریجن فرخ سہیل سندھو اور ڈی ایس پی پٹرولنگ خوشاب حیدر علی ٹیپو کی ہدایت پر انچارج پٹرولنگ پوسٹ خالق آباد سب انسپکٹر اسلم حیات ہمراہ ٹیم نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

گورنر کنڈی کے اقدامات صوبے کی بہتری کیلئے ہیں، لقمان خٹک

صوبے کی ترقی، خوشحالی اور آنیوالی نسلوں کے روشن مستقبل کے لیے متحد ہو جائیں



جہانگیرہ (تحصیل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما لقمان الدین خٹک نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت خیبر پختونخوا میں جو صورتحال ہے، بعض لوگ اسے گورنر راج کا نام دے رہے ہیں، لیکن ہمارے نزدیک یہ گورنر راج نہیں بلکہ عوامی راج ہے، کیونکہ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی جو اقدامات کر رہے ہیں، وہ عوامی فلاح و بہبود اور صوبے کی بہتری کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد میں کراٹے چیمپئن شپ کا انعقاد

ملک بھر سے تقریباً 200 کھلاڑیوں کی شرکت، خصوصی انعامات تقسیم

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ): ایس کے آئی ایف پاکستان (SKIF Pakistan) کے زیر اہتمام پہلی قومی شوتوکان کراٹے چیمپئن شپ 2026 اسلام آباد کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ایس کے آئی ایف پاکستان (SKIF Pakistan) کے زیر اہتمام پہلی قومی شوتوکان کراٹے چیمپئن شپ کے اختتام پر کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جا رہے

رومانیہ کا پاکستان میں مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور

تجارتی روابط اور سرمایہ کاری بڑھانے کے وسیع امکانات موجود، ڈاکٹر ڈین سٹوئینسکو

دونوں ملکوں میں دوستی کو مضبوط شراکت داری میں بدلنے کے خواہاں ہیں، سفیر

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان میں رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر ڈین سٹوئینسکو کا نیشنل پریس کلب اسلام آباد کا دورہ، میٹ دی پریس پروگرام میں شرکت، این پی سی لان میں پودا بھی لگایا، نیشنل پریس کلب آمد پر صدر این پی سی عبدالرزاق سیال، سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ اور فنانس سیکرٹری عابد عباسی سمیت سینئر صحافیوں نے معزز مہمان کا استقبال کیا، اس موقع پر صدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد، پاکستان میں رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر ڈین سٹوئینسکو این پی سی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

18 سکیموں کی منظوری، ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر برداشت نہیں، DC راولپنڈی

شاہراہوں کی تعمیر و بحالی اور نکاسی آب نظام بہتر بنانے کے منصوبوں کا جائزہ، منصوبوں کیلئے 7 ارب 50 کروڑ فنڈز دستیاب

ترقیاتی کاموں کی نگرانی، معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، تمام ضروری کارروائی بروقت مکمل کی جائے، کیپٹن (ر) ندیم ناصر

راولپنڈ پر راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کو راولپنڈی ضلع میں ترقیاتی منصوبوں، مختص فنڈز، ٹینڈرز اور جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ٹیلی نار سائبر سیکیورٹی درجہ بندی میں نمبر 1 قرار

بنیادی ڈھانچے کے تحفظ کے لیے مسلسل کوششوں کا اعتراف ہے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاک ٹیلی کام موبائل لمیٹڈ (پی ٹی ایم ایل) کے برانڈ، ٹیلی نار پاکستان کو پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کے زیر اہتمام منعقدہ ٹیلی کام سائبر سیکیورٹی ایوارڈز 2026 میں مسلسل تیسرے سال پی ٹی اے کی سائبر سیکیورٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

چناری، ہائی ایس ٹویوٹا حادثے کا شکار، تمام 13 مسافر محفوظ

چناری (صباح نیوز) وادی لیپہ سے ریشیاں جانے والی ہائی ایس ٹویوٹا داوکھن کے قریب حادثے کا شکار، گاڑی میں سوار تمام 13 مسافر محفوظ رہے۔ تفصیلات کے مطابق وادی لیپہ سے ریشیاں جانے والی ہائی ایس ٹویوٹا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ہم خدمت کا جذبہ لے کر نکلے ہیں، خاقان وحید خواجہ

بغیر اقتدار کے گزشتہ چار سال سے ہم نے عوام سے رابطہ نہیں توڑا

الیکشن کے موسم میں موسمیاتی لیڈرز سامنے آتے ہیں، چیئرمین عوامی قوت پارٹی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ ہم این اے 48 این اے 47 اور این اے 46 ان تینوں حلقوں میں تمام یونین کونسل میں باکردار۔ پڑھے لکھے۔ اور عوامی خدمت سے سرشار کونسلز کو خدمت کا موقع دیں گے۔ انہوں نے یہ بات ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جس میں محمد رضوان خان کو اسلام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی، خاقان وحید خواجہ پارٹی میں شمولیت پر رضوان خان اور امیر حمزہ کو نوٹی فکیشن دے رہے ہیں

نیشنل سکلز یونیورسٹی میں ہیپاٹائٹس سی کی سکریننگ کیمپ، علاج یقینی بنانا ہوگا، ڈاکٹر نیاز

ہیپاٹائٹس سی کی بروقت تشخیص اور مستند طبی مشورے کے مطابق علاج سے اس مرض پر قابو پانے میں مدد مل سکتی ہے

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) نیشنل سکلز یونیورسٹی اسلام آباد میں پرائم منسٹر ہیپاٹائٹس سی ایلیمینیشن پروگرام کے تحت قمر جہاں لیب اور سٹی لیب کے اشتراک سے ہیپاٹائٹس سی کی اسکریننگ کے لیے کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد طلبہ، اساتذہ، ملازمین اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے متفقہ اور مشترکہ لائحہ عمل ہے، علماء

پاک فوج عالم اسلام کا فخر، شہدائے وطن کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

لاہور (بیورو رپورٹ) رسول کریم ﷺ کی سیرت طیبہ ہم سب کے لیے متفقہ اور مشترکہ لائحہ عمل ہے جب سے ہم اس سے دور ہوئے استعماری قوتوں کے ہاتھوں یرغمال ہیں ہم نے اجتماعی مفادات کی بجائے اپنے ذاتی مفاد کو ترجیح دی آج جن عالمی چیلنجز کا ہمیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ٹرمپ کی ایران جنگ سے امریکا پہلے سے غیر محفوظ ہو گیا، اوباما

واشنگٹن (آئی این پی) سابق امریکی صدر باراک اوباما نے ایران کے خلاف جنگ شروع کرنے کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے جواز پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہیں تھے اور سفارت کاری کے ذریعے اس کے جوہری پروگرام کو محدود کیا جا سکتا تھا۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق باراک اوباما نے اپنے دورِ صدارت میں ایران کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

بلدیاتی انتخابات میں سرپرائز دیں گے، حنیف مغل

اس وقت لوگ مہنگائی اور لاقانونیت جیسے مسائل سے دوچار ہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے کہا ہے کہ اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات میں ہم ہر حلقے سے امیدوار کھڑا کریں گے۔ جبکہ راولپنڈی میں بھی ہم نے بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں کا آغاز کر دیا ہے۔ لوگوں میں شعور اجاگر کرنا اور ان کو اپنے حقوق کی آواز بلند کرنے کے لی ان کی خوداعتمادی میں اضافہ کرنا ہماری خدمت ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یہاں پاکستان تحریک شاد باد کے زیر اہتمام آئندہ متوقع بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے منعقدہ ایک اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی، چیئرمین تحریک شاد باد حنیف مغل کا پارٹی صدر غلام مصطفیٰ، گوہر حیات کے ہمراہ گروپ فوٹو

آئی فون کی جعلی فروخت کی اسکیموں کے بارے میں کیسپرسکی کا انتباہ

اسلام آباد (صباح نیوز) ایپل کا آئی فون ڈوؤ (iPhone Duo) باضابطہ طور پر فروخت کے لیے پیش کر دیا گیا ہے، جس کے ساتھ کمپنی نے پہلی مرتبہ فولڈ ایبل فون کی مارکیٹ میں قدم رکھا ہے۔ تاہم، اس اہم اور نمایاں پروڈکٹ کی رونمائی نے سائبر فراڈ کرنے والوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

مری میں 2 نومبر سے 5 نومبر تک پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ

مری (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت 2 نومبر سے 5 نومبر 2026 تک شروع ہونے والی انسدادِ پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ لینے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

بھارت سے آنے والی ہواؤں سے لاہور کی فضا انتہائی مضرِ صحت

لاہور (آئی این پی) بھارت سے آنے والی ہواؤں سے لاہور کا فضائی معیار شدید متاثر ہے، طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ شہری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

آزاد کشمیر کے ڈومیسائل پر اسلام آباد سول ججز بھرتی روکنے کیخلاف فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے آزاد کشمیر کا ڈومیسائل رکھنے والی وکیل کو اسلام آباد کے سول ججز کی بھرتی کے لیے امتحان سے روکنے کے خلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس ایاز شوکت نے ذوفشاں صدیقی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

ایس پیز کی زیرِ صدارت کرائم میٹنگز کا انعقاد

جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ایس پیز کی زیر صدارت کرائم میٹنگز کا انعقاد۔ جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی سٹی زون، ایس پی صدر زون، ایس پی انڈسٹریل ایریا زون اور ایس پی سواں زون کی زیر صدارت کرائم میٹنگز کا انعقاد کیا گیا، جن میں تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

حکمرانوں کے تیور اور انسانی بھوک!

نیکی اور بدی کے درمیان ایک قدم کا ہی فاصلہ ہے جو پیچھے ہٹائیں تو کائنات کے عیب میں شمار ہوں، آگے بڑھیں تو اشرف المخلوقات، درمیان میں ٹھہرے رہیں تو جانوروں والی بے مقصد زندگی کا مظاہرہ۔ تاریخ آگے بڑھ رہی ہو اور تاریخ ساز پیچھے ہٹ رہے ہوں تو پھر حالات اپنی کہانی خود لکھتے ہیں۔ خالق کائنات کی زمین انسانی رزق مفت دے رہی ہے اور حکمران اسے بازار زندگی میں گراں بیچیں تو زمین کو چاہیے کہ ایسے حکمرانوں کو فرعون کی طرح اپنے اندر رکھنے سے انکار کر دے۔

ایک دفعہ کسی نے مجھے کہا کہ اس وجود کو تو قبر میں کیڑے کھائیں گے، میں نے فخریہ طور پر زیر لب تبسم سجا کر جواب دیا، جیتے جی تو کسی انسان کا پیٹ بھرنے کی توفیق نہیں ہوئی چلو مر کر حشرات کا رزق ہی بن جاؤں گا، میں بھوک کا مسئلہ سمجھتا ہوں صاحب۔ یہ پیٹ تو اشرف المخلوقات کی عزت غیرت ایمان تک کھا جاتا ہے۔ نہ غذا کا کوئی مذہب نہ بھوک کا۔ اس بھوک نے ہر مذہب کے انسان کو نوالہ بنا کر نگل لیا۔ بابا فریدؒ نے کہا تھا، پنج رکن اسلام دے تے چھیواں فریدا، ٹک، جے نہ لبھے چھیواں تے پنجے جاندے مک، یعنی پانچ رکن اسلام کے اور چھٹا روٹی۔ اگر روٹی نہ ملے تو پانچوں ختم ہو جاتے ہیں۔ آج تک کوئی ایسا وظیفہ، ورد، منتر، یا دوائی جیسا حل دریافت نہیں ہوا جیسے غریب یا کوئی بھی انسان پڑھے اور اُسے بھوک نہ لگے۔ جہاں پیر رکھنے کو ضمیر نہیں مانتا وہاں ایک باپ اپنے بچوں کی بھوک کے لیے ہاتھ تک پھیلا دیتا ہے۔ اپنے بچوں کو دودھ اور خوراک کے لیے ایک ماں اپنی عزت یعنی جسم تک کا سودا کر لیتی ہے، اور وہ ستر ماؤں سے زیادہ پیار کرنے والی ذات ایک ماں کی عزت بچانے کے لیے دولت مندوں کے دلوں کو جذبہ سخاوت کی دولت سے نہیں بھرتا، اس پر غور کیا تو علم ہوا اُس نے انسانوں کے امتحان واسطے اپنی ذات پر صبر و برداشت کے اصول لاگو کر رکھے ہیں، یہ جو انسانوں کو کھانا کھلاتے ہیں یہ اپنے خون کی خصلت، تربیت کے اثر، اور ایمان کی حرارت میں کھلاتے ہیں۔ ورنہ جس خالق نے زمین سے ان گنت چیزوں کو انسان کے لیے اُگایا ہے وہ فرشتوں کی طرح انسانی پیٹ کو بھوک سے آزاد بھی رکھ سکتا تھا۔ اُس نے پرندوں کو بھوک دی تو ایک اصول بھی دیا کہ وہ روزانہ کا رزق کھاتے ہیں کل کے لیے جمع نہیں کرتے۔

حضرت عیسیٰؑ اپنے شاگرد یوحنا کے ساتھ دریا کے کنارے پر جا رہے تھے اور یوحنا کے پاس تھیلا دیکھ کر پوچھا اس میں کیا ہے؟ یوحنا نے کہا اس میں دو روٹیاں ہیں ایک آج کے لیے ایک کل کے لیے۔ حضرت عیسیٰؑ نے کہا اے یوحنا تم نے توکل کے معاملے میں خود کو پرندوں سے بھی نیچے گرا لیا۔ ایک روٹی رکھ دوسری صدقہ کر۔ آج کا رزق آج کھا کل کے لیے بچا کر نہ رکھ کل کا رزق کل ملے گا۔ اس ملک کے غریب، مڈل کلاس، کھانے والے جمع نہیں کر پاتے اور جمع کرنے والے ستا کھانے نہیں دیتے۔ تب سمجھ آیا یہ جو ذخیرہ اندوزی ہے یہ بھوک کے پیٹوں کی چھینی ہوئی خوراک کا وہ گودام ہیں جو حرام خور انسان کی ہوس کا بڑا سارا پیٹ ہے۔

بھوک سے مرتے، لڑتے، سسکتے لوگوں کے سامنے مہنگے راشن کو انسانی مجبوری بنا کر فروخت کروانے کے پیچھے نالائق لوگوں کا صاحب اختیار ہونا ہے۔ عوامی ضرورتوں کے پیچھے ملز، فیکٹری، کارخانے، سیاست دانوں کے ہی کیوں ہوتے ہیں؟ حکومتیں مصنوعی مہنگائی پر انہیں نہیں پکڑتی بلکہ چھوٹے دُکانداروں پر بلاجواز جرمانے کر کے بددُعائیں لیتی ہے۔ حضرت علیؓ کا فرمان ہے کہ کوئی چوری کرے تو اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہزاد پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ویر پارٹ لائٹس
ایوارڈ شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ، لیٹر پیڈ، سائن بورڈ، ٹائی، فائل، بل بکس، سکول کاپی، پارٹی پرچم، اشتہارات، بروشرز، سکول ڈائری، سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083